ABC CERTIFIED
باقاعدہ تحقیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | منگل 26 محرم الحرام 1447ھ 22 جولائی 2025ء صفحات 08 | شمارہ 17
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 30 روپے

ریاست مظلوم کیساتھ کھڑی ہے ڈگاری واقعے 11 ملزمان گرفتار انصاف کے کٹہرے میں لایا جائیگا وزیراعلیٰ بلوچستان

خاتون اور مرد کا آپس میں کوئی ازدواجی رشتہ نہیں تھا، دونوں پہلے سے شادی شدہ اور ان کے بچے بھی تھے، واقعہ انسانیت کا قتل اور جہالت کی انتہا ہے کسی کے دباؤ میں نہیں آؤں گا سخت کارروائی ہوگی

قانون کسی کے بھی قتل کی اجازت نہیں دیتا متعلقہ علاقے کے ڈی ایس پی اسپیشل برانچ کو غفلت برتنے پر معطل کردیا ہے، گرفتار ہونے والوں میں سردار بھی شامل ہے، مقتولین کو انصاف فراہم کیا جائیگا

ایف آئی آر متاثرہ خاندانوں کی جانب سے کی جاتی ہے تاہم وہ مدعی بننے کو تیار نہیں، حکومت نے اپنی مدعیت میں مقدمہ درج کیا ہے پولیس تفتیش کرنے کے لیے جاری ہے مگر مرد سارے بھاگ چکے ہیں

ایک سال کے دوران صوبے میں 300 انتہائی مطلوب دہشتگرد ہلاک کیے گئے ہیں گزشتہ حکومت میں پانچ سے چھ سال دہشتگردوں کو بلوچستان میں بھی پھلنے پھولنے دیا گیا، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی

خواتین ارکان کابینہ کو ذمہ داری دی ہے کہ وہ خواتین کے تحفظ کے لیے قانون سازی کی نشاندہی کریں، صوبائی وزراء، ارکان اسمبلی راحیلہ حمید خان درانی، مینہ مجید، حاجی علی مدد جتک کے ہمراہ پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر+این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے علاقے ڈگاری میں قتل ہونے والوں کا آپس میں کوئی ازدواجی رشتہ نہیں تھا، دونوں پہلے سے شادی شدہ تھے اور ان کے بچے بھی تھے، کسی کے دباؤ میں نہیں آتا واقعے میں جو بھی ملزمان ملوث ہیں .... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے دیہی علاقے میں خاتون اور مرد کے بہیمانہ قتل کی ویڈیو سامنے آنے والے کیس میں بڑی پیش رفت ہوئی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں بتایا ہے کہ "اب تک کیس میں 11 ملزمان کو گرفتار کیا جا چکا ہے........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

سوشل میڈیا صارفین کی عمر کی حد کا بل سینیٹ میں پیش

16 سال کم عمر افراد کو اکاؤنٹ بنانے میں مدد دینے پر سزا و جرمانہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں سوشل میڈیا صارفین کی عمر کی حد کا بل پیش کردیا گیا۔ بل کے مطابق سوشل میڈیا صارف کی عمر کم از کم 16 سال ہوگی، سوشل میڈیا پلیٹ فارم کم عمر صارف کو اکاؤنٹ بنانے سے روکے گا۔ بل میں تجویز دی گئی ہے کہ اگر سوشل میڈیا........ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

ڈگاری واقعہ کی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی تصویر

ڈگاری واقعہ افسوسناک ملزمان کو انصاف کے کٹہرے میں لائیں وزیراعظم کی وزیراعلیٰ کو ہدایت

بلوچستان میں خاتون اور مرد کے قتل کے واقعہ کا نوٹس، ملوث افراد کو قانون کے مطابق سزا دی جائے

کوئی بھی شخص قانون سے بالاتر نہیں اور کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، شہباز شریف

وزیراعظم کا وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ٹیلیفونک رابطہ، واقعہ کی شفاف تحقیقات کی ہدایت کر دیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں خاتون اور مرد کے قتل کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ کو واقعہ کی تحقیقات اور ملوث افراد کو قانون کے کٹہرے میں لانے کی ہدایت کردی گئی ہے۔ پیر کو جاری بیان........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

حضرت امام زین العابدین کی شہادت کی مناسبت سے جلوس کی قیادت شیعہ کانفرنس کے رہنما کر رہے ہیں

کے پی سینیٹ انتخاب مراد سعید اور مرزا آفریدی سمیت پی ٹی آئی کے 6 امیدوار کامیاب

خیبر پختونخوا میں سینیٹ کی 11 نشستوں پر ووٹ ڈالے گئے، اپوزیشن جماعتوں نے 5 نشستوں پر کامیابی حاصل کرلی

خواتین کی نشست پر پیپلزپارٹی کی روبینہ خالد، ٹیکنوکریٹ کی نشست پر اعظم سواتی اور جے یو آئی کے دلاور خان کامیاب

پاکستان تحریک انصاف کے امیدوار مراد سعید کو 26 ووٹ ملے، فیصل جاوید کو 22 اور نورالحق قادری کو 21 ووٹ ملے

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا اسمبلی میں سینیٹ انتخاب میں پاکستان تحریک انصاف نے 6 اور اپوزیشن جماعتوں نے 5 نشستوں پر کامیابی حاصل کرلی۔ خیبر پختونخوا میں سینیٹ کی 11 نشستوں پر ووٹ ڈالے گئے اور اسمبلی کے تمام 145 اراکین........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ہائیکورٹ کی عزت کو برقرار رکھنے کیلئے میں اپنی جوڈیشل پاورز کا استعمال کروں گا میں نے کہا تھا رپورٹ نہ آئی تو توہین عدالت کی کارروائی شروع کروں گا جسٹس سردار اعجاز اسحاق

عافیہ صدیقی کیس میں وفاقی حکومت کے جواب کی عدم فراہمی وزیراعظم اور وفاقی کابینہ کو توہین عدالت کا نوٹس جاری

اسلام آباد ہائیکورٹ نے دو ہفتوں میں جواب طلب کرلیا

میری چھٹیاں آج سے شروع ہوئی تھیں، میں نے فوزیہ صدیقی کیس دیگر کیسز کے ساتھ آج مقرر کیا تھا، جمعرات کو بتایا گیا کاز لسٹ جاری نہیں ہوگی جب تک کاز لسٹ میں تبدیلی نہیں کی جاتی

اسلام آباد ہائیکورٹ کے جج کا روسٹر چیف جسٹس آفس ہینڈل کرتا ہے، حکومت نے سپریم کورٹ میں میرے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کی ہوئی ہے، جج اگر چاہے بھی تو چھٹیوں میں کام نہیں کرسکتا

ماضی میں ججز کا روسٹر مخصوص کیسز کے فیصلوں کے لیے استعمال ہوا، فوزیہ صدیقی پاکستان کی بیٹی ہیں، اپیل سپریم کورٹ میں مقرر، جج چھٹی کے دن انصاف فراہم کرنے کے لیے بیٹھنا چاہتا ہے

میرے پاس وفاقی حکومت کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کرنے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں بچا، وفاقی کابینہ کے ہر ممبر کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کرتا ہوں، عدالت عالیہ کے ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے عافیہ صدیقی کی رہائی سے متعلق کیس میں وزیراعظم سمیت وفاقی حکومت کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کرتے ہوئے تمام فریقین 2 ہفتوں میں تحریری جواب جمع کرانے کا حکم دیا گیا ہے جبکہ عدالت نے........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی سینیٹ انتخاب امیدواروں کی فہرست بانی پی ٹی آئی سے چھپانے کا الزام

کے پی قیادت نے 15 جولائی کو فہرست بانی پی ٹی آئی کو بھجوائی، بیرسٹر گوہر، بیرسٹر سیف اور پارٹی قیادت نے کے پی قیادت کی فہرست بانی تک نہیں پہنچائی

کے پی قیادت کی جانب سے دی گئی فہرست میں مرزا آفریدی کا نام شامل نہیں تھا، سات ناموں میں مراد سعید، عرفان سلیم، فیصل جاوید اور خرم ذیشان شامل تھے

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا سینیٹ انتخابات میں امیدواروں کی فہرست بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) سے چھپانے کا الزام سامنے آگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں سینیٹ امیدواروں کی فہرست میں ردوبدل کا بھی الزام عائد کیا گیا...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور آسٹریلیا توانائی اور معدنی شعبے میں تعاون بڑھانے پر متفق

پاکستان میں معدنی وسائل کے شعبے میں آسٹریلوی کمپنیاں دلچسپی رکھتی ہیں۔ نیل ہاکنز

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان توانائی اور..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ڈگاری، مرد اور عورت کی ابتدائی پوسٹ مارٹم رپورٹ جاری

خاتون کو 7 گولیاں اور مرد کو 9 گولیاں لگیں، پولیس سرجن

4 جون 2025 کو قتل کیا گیا، پوسٹ مارٹم کول مائن قبرستان میں کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں غیرت کے نام پر قتل ہونے والے مرد اور عورت کی ابتدائی پوسٹ مارٹم رپورٹ سامنے آگئی۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے سنجدی ڈیگاری میں فائرنگ کے واقعے میں قتل مرد اور عورت کا پوسٹ مارٹم کرالیا گیا۔ پولیس سرجن سنڈیمن سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر عائشہ فیض کے مطابق پوسٹ مارٹم ڈیگاری کول مائن........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل سہولتوں کی فراہمی میں رکاوٹ ڈال رہے ہیں عمران خان

اخبارات، ٹی وی اور ورزش کے سامان تک رسائی نہیں دی جارہی، ذاتی لباس اور بستر فراہم کرنے میں تاخیر پیدا کی جارہی ہے

ذاتی ڈاکٹر سے چیک اپ کے لیے خلل ڈالا جارہا ہے، بانی پی ٹی آئی کی جیل میں بہتر سہولتوں کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی نے جیل کی صورتحال پر اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی۔ درخواست میں بانی پی ٹی آئی نے بہتر کلاس اور جیل میں سہولتوں کی فراہمی کی استدعا کی ہے۔ بانی پی ٹی آئی........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب میں مزید طاقتور بارشوں کا الرٹ جاری

لاہور، فیصل آباد، سیالکوٹ، نارووال، ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بارش ہوگی

جھنگ، سرگودھا، میانوالی، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور، بہاولنگر میں بھی الرٹ

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب کے بیشتر اضلاع میں آج مون سون بارشوں کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے پنجاب کے مطابق صوبے کے بیشتر اضلاع... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ میں آپریشن کمسن مصور کاکڑ کے اغواء اور قتل میں مطلوب 3 دہشتگرد ہلاک

زیر حراست داعش کے مشتبہ ملزم ہشام عمران کی نشاندہی پر خفیہ کارروائی، تینوں جوابی فائرنگ میں مارے گئے

مسلح افراد کی فائرنگ سے گرفتار مشتبہ شخص ہلاک ہوا، دو مسلح دہشت گردوں کو بھی موقع پر ہی مار گرایا، سی ٹی ڈی

کوئٹہ (آن لائن) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کوئٹہ نے مستونگ کے علاقے دشت میں کمسن مصور کاکڑ کے اغوا اور قتل کے الزام میں زیر حراست داعش کے ایک مشتبہ ملزم (ہشام عمران) کی نشاندہی پر ایک مشتبہ ٹھکانے پر کارروائی کی فائرنگ کے تبادلے میں تین........ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

جھل مگسی، سیدالی میں فائرنگ تبادلے میں دو مشتبہ افراد ہلاک

گاڑی میں دو خواتین بھی سوار تھیں، پولیس کی کار کو دیکھ ملزمان نے دوڑ لگا دی

گنداواہ، جھل مگسی (نامہ نگار) جھل مگسی کے علاقے سیدالی میں فائرنگ........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

سابق وزیراعظم کو جیل میں تمام حقوق دیے جا رہے ہیں، وزیر قانون

اگر کسی قیدی کے ساتھ کچھ ہو رہا ہے تو سیکریٹری داخلہ یا عدالت سے رجوع کریں، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کی نجکاری، تمام شعبوں کا انٹرنل آڈٹ شروع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی ایئرلائن کی نجکاری سے قبل تمام شعبوں کا انٹرنل آڈٹ شروع کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سالانہ آڈٹ کے لیے پی آئی اے کے تمام شعبوں کے سربراہان کو انٹرنل آڈٹ ٹیم کو ریکارڈ فراہم کرنے کی ہدایت کردی گئی۔ ذرائع نے بتایا..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

نادرا نے قومی شناختی قوانین میں بڑی تبدیلیاں کردیں

تین سال سے بڑے بچوں کے سی آر سی پر تصویر اور بائیو میٹرک ہوگی

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) ڈائریکٹر میڈیا نادرا سید شباہت علی نے کہا ہے کہ عوام کی مشکلات کے حل کے لیے قومی شناختی قوانین میں کئی تبدیلیاں کی گئی ہیں........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے ساتھ تجارتی تعاون میں اضافہ چاہتے ہیں افغان سفیر

سابق وفاقی وزیر اور سینئر سیاستدان محمد علی درانی کی افغان سفیر سردار احمد شکیب سے اہم ملاقات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر اور سینئر سیاستدان محمد علی درانی نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان میں خوشگوار تعلقات دونوں ممالک اور خطے کی معاشی........ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے پانچویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روشن ڈیجیٹل کھاتوں کے مالی سال 2025 کے اعداد و شمار جاری

کراچی (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک نے روشن ڈیجیٹل کھاتوں کے مالی سال 2025 کے اعداد و شمار جاری کردیے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق مالی سال 2025 میں ایک لاکھ 19 ہزار 185 روشن ڈیجیٹل ..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ اجلاس میں شیخ محمد بن زاید النہیان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کوئٹہ، بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف نیفرولوجی یورولوجی (ترمیمی)، بلوچستان رائٹ ٹو انفارمیشن (ترمیمی) مسودہ قانون پیش کیے جائیں گے..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ہائیکورٹ کا ڈگاری واقعہ کا نوٹس ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ اور آئی جی پولیس طلب

دوہرے قتل کے مقدمے میں 15 سے زائد ملزمان کو نامزد کیا گیا، بلوچستان ہائیکورٹ کا آج طلب ہونے کا حکم

واقعے میں نامزد ملزم سردار شیر باز خان انسداد دہشتگردی کی عدالت میں پیش، ملزم کا دو روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

ہنہ اوڑک تھانہ میں ایس ایچ او کی مدعیت میں مقدمہ درج، ایس سی آئی ڈبلیو و دیگر اداروں نے تحقیقات شروع کردیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ نے دوہرے قتل کا نوٹس لیتے ہوئے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ اور آئی جی پولیس بلوچستان کو آج طلب کرلیا واقعہ........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف طبی آلات کی لائسنسنگ اور رجسٹریشن کے ڈیجیٹل نظام کا افتتاح کر رہے ہیں

طبی آلات کی لائسنسنگ اور رجسٹریشن کے ڈیجیٹل نظام کا افتتاح

طبی شعبہ میں انقلاب لانا مشکل ناممکن نہیں ہے، سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا، شہباز شریف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے طبی آلات کی لائسنسنگ اور رجسٹریشن کے ڈیجیٹل نظام کا افتتاح کرتے ہوئے کہا ہے کہ طبی شعبہ........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے پی نے بجلی ڈیوٹی کے خاتمے پر وزیر توانائی اویس لغاری کو خط لکھ دیا

مشترکہ مفادات کونسل کی منظوری کے بغیر بجلی ڈیوٹی کی منسوخی غیر قانونی ہے، گنڈاپور

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا امین گنڈاپور........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

قلات میں موٹر سائیکل سوار مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد زخمی

فیضان مینگل اور رئیس حذیفہ دہوار کو علاج کیلئے کوئٹہ منتقل کردیا گیا

قلات (آن لائن) قلات میں نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد زخمی ہوگئے جبکہ حملہ آور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب، پولیس ذرائع........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سب کو پھانسی دی جائے آئی جی سمیت تمام ذمہ داران مستعفی ہوں سینیٹ میں سانحہ ڈگاری کی گونج

خواتین سے امتیازی سلوک نہیں ہوسکتا، ایسے واقعات ہمارے معاشرہ کا گھناؤنا چہرہ سامنے لاتے ہیں، حکومت اس صورتحال کا نوٹس لے

خاتون اور مرد کا جو بھی رشتہ ہو جرگے نے غیر قانونی کام کیا، بلاول نے واقعے کا سختی سے نوٹس لے کر وزیراعلیٰ بلوچستان کو ہدایات دیں

ویڈیو میں نظر آنے والے لوگوں کو سزائے موت ہونی چاہیے، خاتون واقعی مرد کی بچی تھی جو قاتلوں کے سامنے ڈٹ کر کھڑی ہوئی، سینیٹرز

اسلام آباد (شاکر رحمان) بلوچستان کے علاقے ڈیگاری میں خاتون اور مرد کو غیرت کے نام پر قتل کرنے کا معاملہ سینیٹ پہنچ گیا، جس پر اپوزیشن اور حکومتی اراکین نے شدید مذمت اور واقعے کو بربریت قرار دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سینیٹ کے اجلاس میں سینیٹر..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

غیر قانونی امیگریشن میں ملوث مافیا سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے محسن نقوی

ایف آئی اے کو حکومت کے ساتھ عوام کی توقعات پر پورا اترنا ہوگا، بہتر کارکردگی پر ہی مزید مراعات دی جائیں گی

قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف بے رحمانہ کریک ڈاؤن کیا جائے اور زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے

ملک کی بدنامی کے ذمہ دار عناصر کو روکنا ایف آئی اے کی اولین ذمہ داری ہے، یادگار شہداء پر فاتحہ خوانی، اظہار خیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایف آئی اے ہیڈکوارٹرز اسلام آباد کا دورہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایف آئی اے کے شہداء کی یادگار پر حاضری دی اور یادگار شہداء پر پھول...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

پی پی 26 سینیٹرز کے ساتھ سینیٹ میں سب سے بڑی جماعت

پی ٹی آئی کو 16 سینیٹرز کے علاوہ مزید 6 آزاد سینیٹرز کی حمایت حاصل

مسلم لیگ ن 20 نشستوں کے ساتھ سینیٹ میں تیسرے نمبر پر ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پنجاب اور خیبر پختونخوا میں سینیٹ الیکشن کے نتائج کے بعد پیپلز پارٹی 26 سینیٹرز کے ساتھ سینیٹ میں سب سے بڑی جماعت بن گئی جبکہ قومی اسمبلی کے بعد ایوان بالا میں بھی حکمران اتحاد کو دو تہائی اکثریت حاصل ہوگئی........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی مابت کاکڑ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سینیٹ، تحفظ صحافیان اور میڈیا پروفیشنلز (ترمیمی) بل منظور

لیگل پریکٹیشنرز اینڈ بار کونسلز ترمیم بل 2025 گورننس اینڈ اپرینٹسز ترمیمی بل بھی منظور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ نے لیگل پریکٹیشنرز اینڈ بار کونسلز ترمیم بل 2025، تحفظ صحافیان اور میڈیا پروفیشنلز (ترمیم) بل، حکومتی ملکیتی ادارے........ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان 2030 کے ایجنڈے کے حصول کیلئے پرعزم، سینیٹر اسحاق ڈار

نوجوانوں کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے کے لیے، ڈیجیٹل یوتھ حب کا آغاز کیا ہے

نیویارک (م ڈ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ 2030 تک صرف پانچ سال باقی ہیں اور اس وقت صرف 35 فیصد پائیدار ترقی کے اہداف .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

جرگہ کلچر کی کوئی گنجائش نہیں ملزمان کو انجام تک پہنچایا جائیگا ترجمان بلوچستان حکومت

جرگہ منعقد کرنے اور قتل کا فیصلہ سنانے والا سردار حراست میں ہے، حکومت کسی ملزم کو نہیں چھوڑے گی، شاہد رند

بلوچستان حکومت کا موقف دوٹوک ہے لڑکی کے بھائی نے گولی ماری، سردار شیر باز اور 13 افراد گرفتار کرلیا

وزیراعلیٰ بلوچستان نے واضح طور پر ہدایت دی ہے، اس کیس میں کسی قسم کا سیاسی دباؤ قبول نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان حکومت کے ترجمان شاہد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پیش آنے والے انسانیت .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

عمران کو جیل میں رکھنے میں پی ٹی آئی قیادت کا اہم کردار ہے، فواد چوہدری

عمران خان باہر آئے تو ان کی لیڈری ختم، بانی کے بیٹے آجائیں تو صورتحال مختلف ہوسکتی ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

انتخابات سے دستبردار ہونے کیلئے وزارت کی پیشکش بھی کی گئی، خرم ذیشان

صبح تک مجھ پر بہت دباؤ ڈالا گیا لیکن اپنے نظریے سے پیچھے نہیں ہٹا، نجی ٹی وی سے گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے.......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

فلسطین سے اظہار یکجہتی احتجاج، سابق سینیٹر مشتاق احمد مقدمے سے بری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے فلسطین سے اظہار یکجہتی کے لیے احتجاج پر درج مقدمے میں سابق سینیٹر مشتاق احمد کو بری کردیا۔ پیر کو اے ٹی سی جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیس پر سماعت کی۔ عدالت نے مشتاق احمد اور دیگر...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کو زیارت اوسی جرگہ میں سردار قاسم خان سارنگزئی روایتی پگڑی پہنا رہے ہیں

کسٹمز اہلکار بھرتی کیلئے درخواستیں جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کنٹریکٹ پر 1560 کسٹمز سپاہی بھرتی کرنے کیلئے درخواستیں دینے کی تاریخ میں توسیع کردی۔ اس حوالے سے ایف بی آر کی جانب سے سرکلر جاری کردیا...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

امارات نے افغان باشندوں کو واپس بھیجنا شروع کردیا

2 لاکھ افغان شہریوں کو امریکی درخواست پر عارضی پناہ دی گئی تھی

متحدہ عرب امارات سے انخلا کا عمل 10 جولائی سے شروع کیا گیا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) پاکستان اور ایران کے بعد متحدہ عرب امارات (یو اے ای) نے بھی ان افغان باشندوں کو واپس افغانستان بھیجنا شروع کر...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب اسمبلی سینیٹ انتخاب، حافظ عبدالکریم 243 ووٹ لیکر کامیاب

مہر عبدالستار نے 99 ووٹ حاصل کئے، 368 ووٹ میں سے 345 کاسٹ

لاہور (م ڈ) پنجاب اسمبلی سینیٹ انتخاب میں مسلم لیگ ن کے امیدوار راؤ عبدالکریم کامیاب ہو گئے۔ غیر حتمی غیر سرکاری نتیجہ کے مطابق حکومتی امیدوار حافظ عبدالکریم 243 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے جبکہ اپوزیشن امیدوار مہر عبدالستار نے...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

ممبئی ٹرین دھماکے 19 سال بعد تمام بے گناہ مسلمان مقدمے سے بری

عدالت نے تمام مسلمانوں کو بری کر دیا 2015 میں ٹرائل کورٹ نے جھوٹے الزامات کے تحت سزا دی تھی

بھارت کے جھوٹے عدالتی ڈھانچے نے سزائے موت اور عمر قید سنائی تھی نوجوانوں کی زندگیاں تباہ ہو گئیں

ممبئی (م ڈ) بھارت...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

صدر سعودی نیول چیف کو نشان امتیاز عطا کر رہے ہیں

صدر زرداری نے سعودی نیول چیف محمد بن عبدالرحمٰن کو نشان امتیاز عطا کردیا

اعزاز پاک سعودی دفاعی تعلقات کو فروغ دینے کی خدمات کے اعتراف میں عطا کیا گیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) صدر آصف زرداری نے رائل سعودی نیول فورسز کے سربراہ وائس ایڈمرل محمد بن عبدالرحمٰن الغریبی کو نشان امتیاز (ملٹری) عطا کیا، انہیں یہ اعزاز پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دفاعی تعلقات کو فروغ دینے کی خدمات........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب سے بلوچستان جانیوالی ٹرانسپورٹ کے لئے ہدایت جاری

پبلک ٹرانسپورٹ پر شام کے سفر پر پابندی عائد، بسیں بوائنہ مقام پر رکیں گی

ڈی جی خان سے شام 5 کے بعد کوئی مسافر گاڑی بلوچستان داخل نہیں ہو گی

ڈی آئی خان (بیورو رپورٹ) پنجاب سے بلوچستان جانے والی پبلک ٹرانسپورٹ پر شام کے بعد سفر پر پابندی عائد کردی گئی۔ ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان (ڈی جی خان) عثمان خالد کے مطابق شام 5 بجے کے بعد کسی بھی مسافر گاڑی کو سرحدی علاقے.......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی فوج کی درندگی خوراک کے منتظر فلسطینیوں پر فائرنگ 92 افراد شہید

شمالی غزہ میں اقوام متحدہ کی جانب سے امدادی گاڑیوں کے منتظر شہریوں اور بچوں پر اندھا دھند فائرنگ کی گئی

بھوک کے باعث مزید 18 افراد شہید ہو چکے، غذائی قلت کی وجہ سے زخمی بچے صحتیاب نہیں ہو پا رہے، ڈاکٹر

غزہ (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی فوج کی درندگی جاری ہے، عالمی برادری نے چپ سادھ لی ہے جبکہ مسلم حکمران غیرت ایمانی سے خالی ہو گئے۔ ایک روز میں مختلف علاقوں میں فضائی حملوں میں مزید 120 فلسطینی شہید اور متعدد زخمی ہو گئے .... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ، ترجمان پاک فوج کی طلبا سے خصوصی نشست

نوجوان نسل کل بھی پاکستان کے ساتھ کھڑی تھی اور ہمیشہ ساتھ کھڑی رہے گی، طلبا کا عزم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ 2025ء میں ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے طلبا سے خصوصی نشست کی اور ان کے عزم و حوصلے کو سراہا۔ ذرائع کے مطابق سمر انٹرن شپ 2025ء کا سفر کامیابی سے.......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے پالیسی بورڈ اجلاس کے ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو

جولائی لانگ مارچ مہم، سائنس کالج کے سامنے آگہی کیمپ قائم

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ ذمہ داران کے ہمراہ 25 جولائی لانگ مارچ تیاریوں کے سلسلے میں گورنمنٹ سائنس کالج کے سامنے جناح روڈ پر آگہی کیمپ میں آج منگل 22 جولائی چھ بجے شام ایم پریس کانفرنس کریں گے۔

اسلام عورت کے احترام، اس کی مرضی اور جان و مال کے تحفظ کا حکم دیتا ہے، وزیر احمد رضوی

واقعہ نہ صرف اسلامی تعلیمات کے خلاف ہے بلکہ بلوچ قوم کی روایات اور قبائلی اقدار سے بھی متصادم ہے

کوئٹہ (آئی این پی) مرکزی رکن شوریٰ امیر تحریک لبیک پاکستان صوبہ بلوچستان مفتی وزیر احمد رضوی نے صوبائی مرکز سے جاری اپنے بیان میں کہا کہ تحریک لبیک پاکستان بلوچستان میں پسند کی شادی کرنے والی ایک خاتون کو غیرت کے نام پر میں ملوث تمام افراد کو فوری گرفتار کیا جائے، ان کے خلاف انسداد دہشتگردی قوانین کے تحت مقدمہ چلایا جائے اور قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ آئندہ کسی کو ایسی درندگی کی جرات نہ ہو۔ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ دین اسلام عورت کے حقوق کا محافظ ... اسلام ہمیں عورت کے احترام، اس کی مرضی اور جان و مال کے تحفظ کا حکم دیتا ہے۔ کسی خاتون کو محض اپنی پسند سے نکاح کرنے کے سبب قتل کرنا نہ صرف شریعت مطہرہ کی خلاف ورزی ہے بلکہ انسانیت کی بھی تذلیل ہے۔ اس واقعے نے پورے ملک بالخصوص بلوچستان میں بسنے والے اہل ایمان کے دلوں کو مجروح کر دیا ہے۔ ہم حکومت بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس سفاک قتل ... رضوی نے کہا کہ گھر سے بھاگ کر شادی کرنے کے عمل کو کسی صورت سراہا نہیں جا سکتا اور نہ یہ کوئی قابل تعریف عمل ہے البتہ اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں کہ ایسا کرنے والے کا خون حلال ہو جاتا ہے اور ان کو قتل کرکے ہی غیرت کو سکون حاصل ہوتا ہے۔ تحریک لبیک پاکستان ایسی تمام سوچوں کی نفی کرتی ہے اور اسلامی عدل و انصاف کے قیام کا مطالبہ کرتی ہے۔

شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ویسٹرن بائی پاس جیل نور اور تکاتو فیڈروں سے بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی لائنوں کی شفٹنگ کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 22 جولائی بروز منگل شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ویسٹرن بائی پاس، جیل نور اور تکاتو فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2 بجے تک ... تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی، علاوہ ازیں 23 جولائی کو سریاب گرڈ اسٹیشن کے کرانی، سریاب ون، سریاب ٹو، ہزارہ ٹاؤن، جائنٹ روڈ، انڈسٹریل، مٹی مارکیٹ، اولڈ لیاقت بازار، خیر بخش مری، ولدار کاریز، بی ایم سی، اولڈ سٹلائٹ ٹاؤن، جبڑ سالا اور سرکی روڈ فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دن 12 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ وریں اثناء نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) کی جانب سے 220Kv کوئٹہ انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن پر 23 جولائی کو صبح 10 بجے سے دن ایک بجے تک ضروری مرمتی کام کیا جائے گا جس کے باعث اس دورانیہ میں تقریباً 60 میگاواٹ کی برقی قلت پیدا ہوگی جسے لوڈ مینجمنٹ کے ذریعے پورا کیا جائے گا۔ تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر راحیلہ حمید درانی اور صوبائی مشیر مینا مجید بلوچ ملاقات کر رہی ہیں

ڈی سی گوادر نے طالبہ امینہ گل کو "پنک اسکوٹی" کی چابی دے دی

وزیر اعلیٰ نے "کھلی کچہری" کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اعلان کیا تھا

گوادر (ن ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن نے گوادر یونیورسٹی کے شعبہ مینجمنٹ سائنسز سے تعلق رکھنے والی طالبہ امینہ گل کو "پنک اسکوٹی" کی چابی باقاعدہ طور پر حوالے کی۔ یہ اقدام اس وعدے کی تکمیل ہے جو حالیہ دنوں گوادر یونیورسٹی میں منعقدہ ایک پروقار "کھلی کچہری" کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کیا تھا۔ اس کھلی کچہری میں سول و عسکری قیادت بھی شریک تھی۔ اس موقع پر طالبہ امینہ گل نے وزیر اعلیٰ سے سوال کیا تھا کہ جیسے کوئٹہ میں طالبات کو پنک اسکوٹیز فراہم کی گئی ہیں، کیا گوادر کی طالبات کو بھی اسی سہولت سے فائدہ دیا جا سکتا ہے؟ طالبہ نے یہ بھی واضح کیا کہ گوادر میں طالبات کو ٹرانسپورٹ کے شدید مسائل کا سامنا ہے۔ جواباً وزیر اعلیٰ نے دریافت کیا، "کیا آپ اسکوٹی چلا سکتی ہیں؟" جس پر طالبہ نے پر اعتماد انداز میں جواب دیا: "جی ہاں!" اسی لمحے وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا: "آپ کو پنک اسکوٹی دی جا رہی ہے۔" وزیر اعلیٰ نے طالبہ کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ بلوچستان کی تمام بچیوں کے لیے ایک عملی مثال اور باعث ترغیب (موٹیویشن) ہیں۔ یہ اقدام نہ صرف طالبات کے لیے سفری سہولتوں کی فراہمی کی جانب ایک اہم قدم ہے بلکہ خواتین کو بااختیار بنانے کے عزم کی بھی عکاسی کرتا ہے۔

آئے روز قبائلی فسادات نوجوان نسل کی تباہی کا سبب بن رہے ہیں، ارباب ناصر حیدر کاسی

حکومتی ادارے قانون کی بالادستی قائم کریں مذہبی و قوم پرست جماعتیں اپنا کردار ادا کریں، یوتھ پیس موومنٹ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین پاکستان یوتھ پیس موومنٹ ارباب ناصر حیدر کاسی نے قلعہ عبداللہ کے علاقے میں قبائلی تصادم میں 6 افراد کی ہلاکت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قلعہ عبداللہ خان میں آئے روز فسادات مختلف قبائل دست و گریبان ہونا علاقے کے امن و امان اور وہاں کی نوجوان نسل کے لیے تباہی کا باعث بن رہا ہے۔ یہاں جاری ... میدانوں میں اپنے علاقے شہر صوبہ و پورے ملک کا نام روشن کیا ہے خدارا نئی نوجوان نسل کو اس برائی اور اس کا شکوف کلچر سے دور رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ اب نوجوان نسل اچھائی کی طرف قدم بڑھا چکی ہے اپنی مدد آپ کے تحت محنت مزدوری کر کے اپنے گھر اور اس وطن کی تعمیر و ترقی کا بہترین کام سر انجام دے رہی ہے علاقے میں تعلیم اور کھیل کے ...

بہتر اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے انقلابی اقدامات کیے ہیں، ایم ایس ایم پی

بلوچستان کے 18 اضلاع کے لیے 467 مریضوں کا معائنہ کیا گیا

آئی سی آر سی کا بی ایم سی میں مفت میڈیکل کیمپ، 467 مریضوں کا معائنہ کیا گیا

حضرت امام زین العابدین کی شہادت کے حوالے سے امام بارگاہ ناصر العزاء سے جلوس عزا برآمد

کوئٹہ: ہزارہ ٹاؤن میں سلسلہ شہادت امام زین العابدین جلوس عزا کی قیادت میں بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر ... کر رہے ہیں

دین اسلام کے سنہری اصولوں کو عملی طور پر نافذ کرنے کی ضرورت ہے، مفتی عبداللہ الرعوان

کمیونٹی اسکولز ٹیچرز کا احتجاج 42 ویں روز بھی جاری رہا

حکومت کا کوئی نمائندہ بھی احتجاجی کیمپ جھوٹی تسلی دینے نہیں آیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کمیونٹی اسکولز ٹیچرز ایسوسی ایشن کا اپنے مطالبات کے حق میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ 42 ویں روز بھی جاری رہا احتجاجی کیمپ سے بلوچستان کمیونٹی اسکولز ٹیچرز ایسوسی ایشن کے صدر امین اللہ خان میانی نے کہا کہ حکومت وقت ہمارے مطالبات کو سنجیدہ نہیں لے رہی ہے 42 روز گزرنے کے باوجود کوئی حکومتی نمائندہ جھوٹی تسلی دینے بھی نہیں آیا ہے ہمارے حکومت وقت سے صرف دو مطالبات ہیں جن میں پہلا مطالبہ والدین تعلیمی کمیٹی سے معاہدہ ختم کر کے براہ راست بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن سے معاہدہ کیا جائے اور کمیونٹی اساتذہ کی تنخواہوں میں مہنگائی کے تناسب سے فوری طور پر اضافہ کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی ڈسٹرکٹ ای پی آئی ٹاسک فورس کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آغا عمر جان احمدزئی نے ریکارڈ ترقیاتی کام کروا کر عوام کے دل جیت لیے ہیں، ساجد بلوچ

بی ایف اے کی ژوب میں کارروائی، 3 دودھ فروشوں کو جرمانہ

کوئٹہ: مرکزی انجمن تاجران پاکستان کے صوبائی صدر ... پریس کلب میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈیگاری واقعہ بلوچ روایات اور اسلامی تعلیمات پر حملہ ہے، ایمان طاہر محمود

خاتون اور مرد کو سنگسار کرنے کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے، ساجد زادہ طاہر محمود

مہراللہ بادینی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس

گداگری، نو پارکنگ ایریاز پر مسلمان کے خلاف کارروائیوں کا جائزہ لیا

پی سی ایس آئی آر کو ٹیکسٹ بک کے ایم پی ایف کیمپ پر ... کا مطالبہ

کوئٹہ: امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ ... 25 جولائی اسلام آباد لانگ مارچ کی تیاریوں کے سلسلے میں جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

سردار صالح محمد مینگل نے سرداری کی دستار اپنے بیٹے سردار یاسر خان مینگل کو پہنا دی

پنجگور، اسکول ٹیچر اللہ بخش بلوچ کو اغوا کرنے کے بعد گاڑی چھین لی گئی

پنجگور میں جرائم کی بلغار، پولیس اور ادارے خاموش تماشائی، عوام غیر محفوظ ہے

کوئٹہ: ... پریس کانفرنس کر رہے ہیں

منشیات کا استعمال ایک بیماری ہے، علاج ممکن ہے، کفایت اللہ

نوجوان نسل کو منشیات کے مضر اثرات سے آگاہ کرنے کی ضرورت ہے

لیسکو سریاب ٹو کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے عوام پریشان، یوسف وقار شاہوانی

انسان موت سے غافل، دنیاوی مشغول کی فکر میں ہے، حاجی جمیل عطاری

بورڈ آفس کے سامنے اعلان کردہ احتجاج کو موخر کر دیا گیا ہے، محمد نواز پندرانی

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن کو مذاکرات کی دعوت دی

کوئٹہ: بلوچستان یونیورسٹی ... پریس کلب میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ویلڈرنس اسکول کی چھٹی کے وقت ٹریفک جام کو ختم کرنے کیلئے اجلاس کا انعقاد

کوئٹہ: حضرت امام زین العابدین کی شہادت کے حوالے سے جلوس عزا کی قیادت ... کر رہے ہیں

اساتذہ کی انتظامی و تدریسی صلاحیتوں میں نکھار کیلئے ... ڈاکٹر مسعود شفیق

آج صوبے کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم رہے گا

تاہم زیارت، ژوب، ہرنائی، موسیٰ خیل، اوستہ محمد، قلات، خضدار اور ڈھاڈر میں بارش کا امکان

میجر محمد انور خان کاکڑ شہید کی فاتحہ خوانی کاکڑ ٹاؤن ائیرپورٹ روڈ بزنجو میں جاری ہے

سیاسی، قبائلی شخصیات، سرکاری افسران کی بڑی تعداد میں تعزیت کے لیے آمد

انتقال پر ملال

حاجی عبدالغفار ترین ولد گل محمد علالت طویل کے بعد انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) حاجی عبدالغفار ترین ولد گل محمد ترین جو گزشتہ روز علالت طویل کے بعد انتقال کر گئے تھے ان کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی ان کی رہائش گاہ حاجی گل محمد سٹریٹ متصل مدنی اسٹریٹ مینی ٹاؤن میں جاری ہے۔ مرحوم حاجی ...

انفارمیشن آفیسر ڈی جی پی آر عامر خان درانی کی خوشدامن انتقال کر گئی

کوئٹہ (پ ر) انفارمیشن آفیسر ڈی جی پی آر عامر خان درانی کی خوشدامن رضائے الٰہی انتقال کر گئیں ان کی تدفین جنرل روڈ قبرستان میں کر دی گئی ہے فاتحہ خوانی مدینہ مسجد فیروز خان گلی ... پاس میں جاری ہے۔

نوٹس برائے مسافر بردار بس ٹرانسپورٹ مالکان لورالائی ڈویژن

سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی لورالائی ڈویژن

PRQ No 204/21-07-2025

www.dpr.gob.pk | dpr_gob | dpr.gob | dgpr.balochistan

تصحیح اشتہار بسلسلہ عارضی ٹیچنگ اسٹاف

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ضلع خاران

PRQ No 205/21-07-2025

EXTENSION IN BID OPENING/ CORRIGENDUM

With reference to advertisement published in daily newspapers vide AB No.1273/24-6-2025 and AB No.1272/24-6-2025 and AB No.43/11-7-2025 Vide TSE No. 242506766161, 242506766163, 242506766183, 242506766203, 242506766213, 242506766223, 242506766233, 242506766451, 242506766461, 242506766471 for the work of the date of submission of documents is hereby extended upto 30-07-2025 at 12:00 PM and tender opening on the same date at 01:00 PM. Kindly check the bidding document for changing in terms and condition.

CHAIRMAN
MUNICIPAL COMMITTEE
KILLA SAIFULLAH

AB No.76/21-7-2025

اشتہار برائے بھرتی عارضی ملازمین درجہ چہارم

ڈائریکٹر جنرل محکمہ زرعی انجینئرنگ بلوچستان کوئٹہ

PRQ No 207/21-07-2025

Mir Chakar Khan Rind University, Sibi

CORRIGENDUM

Reference to the advertisement Published on Daily Jang, Quetta dated 02/07/2025 for the announcement of Faculty Positions. The Position of Associate Professor-Botany (BPS-20) and Assistant Professor-Agriculture (PB&G) (BPS-19) as per HEC criteria shall also be treated as announced. Last date for submission of applications for above positions is August 4, 2025.

The terms and conditions and other content of previous advertisement shall remain unchanged.

Directorate of Human Resource
Mir Chakar Khan Rind University
(MCKRU), Luni Road, Sibi
0833-500903 / ali.jan@mckru.edu.pk
www.mckru.edu.pk

PID(Q)38/25

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید کامران ممتاز

سیکورٹی فورسز پر ہمیں فخر ہے، جوانان پاکستان نظریاتی

سیلابی پانی سے کئی دیہاتوں کا زمینی رابطہ منقطع ہوا ہے، تاج محمد رئیسانی

ولائی کلی کے مقام پر حفاظتی بند کی تعمیر کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں

EPI پروگرام کی بروقت تکمیل اور مربوط حکمت عملی ناگزیر ہے، ڈی سی کوئٹہ

ڈی سی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوئٹہ ای پی آئی کا جائزہ اجلاس، ADC جنرل، محکمہ صحت، یونیسیف و دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی

جون 2025ء کی کارکردگی، آؤٹ ریچ مہم اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، CBVs و LHVs کی کمپلینس کو یقینی بنانے کی ہدایت

چمن، ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر انسداد مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

منور کالونی پرائمری اسکول کو خالی کرانے کا نوٹس لیا جائے، کاشف حیدری

اسکول کی بندش سے 1200 سے زائد بچوں کی تعلیم متاثر ہونے کا خدشہ ہے

احسان علی چاچڑ کی شہادت؛ کب تک اپنے ساتھیوں کی لاشیں اٹھاتے رہیں گے، ریلوے پریم یونین

وزیر ریلوے کنٹریکٹ پر کام کرنے والے ملازمین کو فوری مستقل اور شہید کے پسماندگان کی داد رسی کریں، خیر محمد تونیو

محکمہ ریلوے پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے گریز کرتی رہے گی، ملازمین کی کوئی داد رسی کرنے والا نہیں ہے، ارشد یوسفزئی

کوئٹہ (پ ر) رنگ لائے گا شہیدوں کا لہو! پاکستان ریلوے پریم یونین (سی بی اے) کے مرکزی سیکرٹری جنرل خیر محمد تونیو اور ارشد یوسفزئی نے اپنے ایک جاری پریس ریلیز میں کہا ہے کہ 18 جولائی کھکھر ڈویژن کی گینگ نمبر 67 انڈر پی ڈبلیو آئی گھوٹکی کے پیٹرولرز گینگ مین احسان علی چاچڑ کی شہادت پاکستان ریلوے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے کب تک گریز کرتی رہے گی؟ غریب ملازمین کب تک اپنے ساتھیوں کی لاشیں اٹھاتے رہیں گے؟ کوئی داد رسی کوئی اشک شوئی کرنے والا نہیں ہے۔ کنٹریکٹ ملازم کی حادثاتی موت یا بیماری میں پرائیویٹ کمپنیاں بھی داد رسی اور مالی امداد کرتی ہیں جبکہ پاکستان ریلوے جیسے ادارے میں اوسطاً سات سو روپے ماہوار کفن دفن کے لیے تنخواہ سے ملا کرتی ہے اور بہتر ہزار ملازمین جن میں افسران بھی شامل ہیں 5 کروڑ 40 لاکھ ماہانہ اس مد میں جمع ہوتے ہیں جبکہ SBF فنڈ اور 5% ماہانہ رہائشی کوارٹروں کی مرمت کے نام پر کوئی اور آفیسر کلب آمدنی کی مدات میں کروڑوں کی رقم اس کے علاوہ وصول کرتے ہیں مگر افسوس! ریلوے میں 70 فیصد کنٹریکٹ پر ملازمین ملازمت کر رہے ہیں اور ہر حکومت کو اپیل کرتے ہیں کہ ہمیں مستقل کیا جائے 7 ہزار جب تنخواہ ملتی تھی اس وقت سے ملازمت کر رہیں ہیں اب تو 40 ہزار کے قریب تنخواہ ہوگئی ہے لیکن انہیں کنفرم نہیں کیا جا رہا ہے شہید احسان علی چاچڑ وہ بھی اپنی بچوں کے لیے روشن مستقبل کے خواب حقیقت ہوتے ہوئے دیکھے۔ لیکن اس وقت اس کی چھوٹی بچیاں میں دیا بھی ٹمٹما نہیں رہا شہید کی مالی امداد ہونی چاہیے۔ مال دولت انسانی جان کا نعم البدل نہیں لیکن معصوموں کے مستقبل کے لیے فوری ناگزیر ہے۔ خیر محمد تونیو سیکریٹری جنرل اور ایک بار پھر شہید ملازم کی آواز بنے ہیں اور نہ صرف پسماندگان کی دلجوئی اور اشک شوئی کی بلکہ اپنی توانا آواز ریلوے اور حکومتی ایوانوں تک پہنچا رہے ہیں مگر صد افسوس حکومت وقت اور ریلوے انتظامیہ کنٹریکٹ پر کام کرنے والے ملازمین کو مستقل نہیں کر رہی ہم مطالبہ کرتے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے اور سی ای او سے اور حکومت وقت سے ریلوے میں کنٹریکٹ پر کام کرنے والے ملازمین کو کنفرم کیا جائے اور شہید کے پسماندگان کی داد رسی کی جائیں

غلام نبی کی سماجی و مذہبی خدمات ناقابل فراموش ہیں، ابوالرضا

کوئٹہ (یو این اے) اتحاد اہل سنت پاکستان کے سربراہ بزرگ عالم دین فخر اہلسنت حضرت علامہ مولانا ابوالرضا داد محمد فریادی دامت برکاتہم العالیہ نے صوفی درویش صفت شخصیت رئیس غلام نبی عطاری قادری ابڑو کی سالانہ برسی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم کی سماجی و مذہبی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رئیس غلام نبی عطاری قادری ابڑو نے اپنی زندگی بلاتفریق عوام الناس کی خدمت، دین کی ترویج، اور نیکی کے پیغام کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ جامع مسجد اقصیٰ ریلوے لوکوشیڈ سبی میں چالیس سال تک اذان، امامت اور دیگر خدمات بلا معاوضہ انجام دیتے رہے۔ علامہ ابو الرضا داد محمد فریادی نے کہا کہ مرحوم ایک عاجز، منکسر المزاج اور ملنسار شخصیت تھے۔

مراکش، ہزاروں افراد غزہ کی حمایت میں سڑکوں پر نکل آئے

دوران احتجاج مظاہرین نے مراکش حکومت سے اسرائیل سے تعلقات ختم کرنے کا مطالبہ بھی کیا

رباط (م ڈ) مراکش میں ہزاروں افراد غزہ کی حمایت اور اسرائیلی جارحیت کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مراکش کے دارالحکومت رباط میں غزہ کی حمایت میں بڑی ریلی نکالی گئی جس دوران ہزاروں افراد نے اسرائیلی جارحیت کے خلاف احتجاجی مارچ کیا۔ دارالحکومت رباط میں نکالی گئی ریلی میں فلسطینی پرچم لہراتے ہزاروں افراد نے غزہ سے اظہار یکجہتی کیا جب کہ احتجاج میں شامل مظاہرین نے اسرائیلی محاصرہ ختم کرکے غزہ میں جنگ بندی اور امداد فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔

صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سنجیدہ اقدامات کئے جا رہے ہیں، بلال کاکڑ

صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں تجارتی سرگرمیوں کی ترویج کے لیے موثر کام ہو رہا ہے

صوبے میں موجود قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت، اور نوجوان افرادی قوت صوبے کو سرمایہ کاروں کے لیے پرکشش بناتے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ اور تجارتی سرگرمیوں کی ترویج کے لیے سنجیدہ اور موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ایک پریس ریلیز میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں موجود قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت، اور نوجوان افرادی قوت صوبے کو سرمایہ کاروں کے لیے پرکشش بناتے ہیں۔ بلال خان کاکڑ کا کہنا تھا کہ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ (BBOIT) صوبے میں مقامی و غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے ایک فعال ادارے کے طور پر کام کر رہا ہے۔ ہم نہ صرف سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کر رہے ہیں بلکہ پالیسی سطح پر بھی اصلاحات کی جا رہی ہیں تاکہ ایک سازگار اور محفوظ سرمایہ کاری ماحول پیدا کیا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ BBOIT بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے ساتھ روابط استوار کر رہا ہے، سرمایہ کاری کانفرنسز اور بزنس فورمز کے ذریعے بلوچستان کے مواقع کو دنیا کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے۔ بلوچستان کا روشن مستقبل سرمایہ کاری سے وابستہ ہے اور حکومت اس شعبے کو ترقی دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے نجی شعبے، سرمایہ کاروں اور کاروباری اداروں سے اپیل کی کہ وہ بلوچستان میں موجود مواقع سے فائدہ اٹھائیں اور صوبے کی سماجی و معاشی ترقی میں کردار ادا کریں۔

بی ایم سی ہسپتال میں فارٹینیٹ کنکشنز زیر تکمیل ہے

کوئٹہ (آئی این پی) بی ایم سی ہسپتال میں آج فارماسسٹس کے ساتھ ایک اہم میٹنگ منعقد ہوئی جس کی صدارت میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے کی۔ میٹنگ کے دوران فارمیسیز میں جاری نیٹ ورکنگ اور ڈیجیٹل سسٹم سے متعلق تفصیلی بریفنگ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی کو دی گئی۔ انہیں آگاہ کیا گیا کہ 12 یونٹس میں 24/7 فارٹینیٹ (Fortinet) کنکشنز مکمل ہو چکے ہیں، جس کے تحت تمام متعلقہ شعبہ جات میں انٹرنیٹ سروس مسلسل دستیاب ہے۔ اسی طرح 9 یونٹس میں بھی 24/7 فارٹینیٹ کنکشنز مکمل کیے جا چکے ہیں۔ مزید بتایا گیا کہ مین فارمیسی سمیت تمام متعلقہ سیٹلائٹ یونٹس میں فارٹینیٹ نیٹ ورک کنکشن مکمل کر دیے گئے ہیں، جس کا مقصد مریضوں کو معیاری اور شفاف ادویاتی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ میٹنگ کے دوران ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے فارماسسٹس کو یقین دلایا کہ ڈیجیٹل سسٹم اور آن لائن MIIMS سسٹم (On MIIMS for Digitalization) کے ذریعے ہسپتال کے تمام شعبوں میں سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر اور موثر بنایا جائے گا۔

مودی کا سافٹ پاور فراڈ میں بدل گیا، بھارتی جعلی نجومی نیویارک میں گرفتار

جعلی روحانی عملیات اور "بری نظر کے توڑ" کے نام پر 60,000 ڈالرز کا فراڈ کیا

نیویارک (م ڈ) دنیا کو یوگا، روحانیت اور وشوا گرو بننے کا سبق دینے والا بھارت، مودی کی قیادت میں ایک نئے روپ میں سامنے آ رہا ہے اور وہ ہے فراڈ پاور۔ امریکی خبر رساں ادارے کے مطابق نیویارک میں ایک بھارتی شہری اور جعلی نجومی ہیمانتھ کمار منچیا کو پولیس نے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ اس پر الزام ہے کہ اس نے ایک 68 سالہ امریکی خاتون سے جعلی روحانی عملیات اور "بری نظر کے توڑ" کے نام پر 60,000 ڈالرز کا فراڈ کیا۔ پولیس رپورٹ کے مطابق، 3 جولائی کو منچیا نے خاتون سے فال نکالنے اور روحانی تحفظ کے لیے 20,000 ڈالر وصول کیے۔ بعد ازاں اسے مزید 42,000 ڈالر نکالنے کے لیے براڈوے پر واقع ایک بینک لے جایا گیا، جہاں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منچیا کو بلکس واکل میں گرفتار کر لیا۔

ایک منظم گروہ 132Kv ٹرانسمیشن لائن کو ٹرپ کرتا ہے، ترجمان کیسکو

بعد میں یہی گروہ مختلف جگہوں سے مذکورہ لائن کے کنڈکٹرز کاٹ کر چوری کرتے ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ ایک منظم گروہ 132Kv ٹرانسمیشن لائن پر لوہے کی زنجیر چین ڈال کر لائن ٹرپ کرتے ہیں جس کے نتیجے میں ٹرانسمیشن لائن کے کنڈکٹرز ٹوٹ کر گر جاتے ہیں۔ جس کے بعد یہی گروہ مذکورہ لائن کے کنڈکٹرز کاٹ کر چوری کرتے ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ گزشتہ روز یعنی 20 اور 21 جولائی کے درمیانی شب بھی 132kv شیخ ماندہ۔ یارو ٹرانسمیشن لائن (ٹاور لوکیشن 68 تا ٹاور لوکیشن 73) سے تقریباً 4 ہزار میٹرز کنڈکٹر کاٹ کر چوری کر لیے۔ اس تخریبی کارروائی کے دوران 132kv ٹرانسمیشن لائن کا ایک ٹاور بھی گر گیا تاہم کیسکو نے مذکورہ واقعہ میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کیلئے متعلقہ پولیس اسٹیشن کو تحریری درخواست جمع کرا دی ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ متاثرہ ٹرانسمیشن لائن کے گرے ہوئے ٹاور کی دوبارہ تنصیب اور مرمت و بحالی کا کام ہنگامی بنیادوں پر شروع کر دیا گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ اس سے قبل خضدار کے علاقہ میں 10 جولائی کی رات 12 بجے کے قریب 132kV سوراب۔ خضدار ٹرانسمیشن لائن کے گرے ہوئے ٹاورز چوری کرنے والے 2 اشخاص بنام محمد عمر ولد عبدالحفیظ اور محمد انور ولد نذر محمد ساکن کھنتان ضلع خضدار بمعہ 2 عدد موٹر سائیکل اور ٹاورز کے بریس پٹیوں کے ساتھ رنگے ہاتھوں گرفتار کر لئے جن کے خلاف مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

پیپلز پارٹی کے جیالے مایوسی اور بے چینی کا شکار ہیں، لالہ یوسف خلجی

وزراء اور ارکان اسمبلی کارکنوں کو نظر انداز کر رہے ہیں جو پارٹی کے مفاد میں نہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے اس وقت مایوسی اور بے چینی کا شکار ہیں وزراء اور ارکان اسمبلی کارکنوں کو نظر انداز کر رہے ہیں جو کسی بھی طرح پارٹی کے مفاد میں نہیں ہے، پارٹی کے صوبائی صدر اور دیگر عہدیداروں کا یہ کہنا کہ پارٹی کارکن پیپلز پارٹی کے پیغام کو گھر گھر پہنچا ئیں ہم ان سے پوچھنا چاہتے ہیں کہ کارکن کس منہ سے عوام کے پاس جائیں عام انتخابات کے دوران پیپلز پارٹی نے عوام سے جو وعدے کئے تھے ان پر عملدرآمد نہیں ہو رہا اور عوام پارٹی کارکنوں کو طعنے دیتے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں گذشتہ مالی سال کے دوران صوبے کی ترقی کے نام پر 200 ارب روپے حکومتی خزانے سے جاری ہوئے لیکن صوبے میں کہیں ترقی نظر نہیں آ رہی ہے کوئٹہ بلوچستان کا دارالخلافہ ہونے کے باوجود کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔

بلوچستان اسمبلی میں ویمن پارلیمانی کاکس کا اجلاس 23 جولائی کو طلب

یو این ویمن کے تعاون سے آئندہ پلان اور سفارشات پر غور کیا جائے گا

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے اعلامیہ کے مطابق ویمن پارلیمانی کاکس بلوچستان اسمبلی کی نشست بروز بدھ 23 جولائی 2025 شام 7 بجے اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوگی۔ اعلامیہ کے مطابق اس اجلاس میں یو این ویمن کے ساتھ مل کر کاکس کے آئندہ لائحہ عمل اور ورک پلان کو حتمی شکل دینے سے متعلق سفارشات مرتب کی جائیں گی۔ اجلاس میں ویمن کاکس کی تمام اراکین، جن میں محترمہ غزالہ گولہ ڈپٹی اسپیکر، محترمہ راحیلہ حمید خان درانی، وزیر تعلیم، ڈاکٹر ربابہ بلیدی، محترمہ مینا بلوچ، محترمہ ہادی نواز، محترمہ شاہدہ روف، محترمہ فرح عظیم شاہ، محترمہ شہناز عمرانی، محترمہ سلمیٰ بی بی، محترمہ ام کلثوم اور محترمہ صفیہ شامل ہیں۔



کوئٹہ: آئی ایس آر ٹی ایس آرگنائزیشن کے سی ای او جہانزیب خان اور سردار خان نیازی کی نگرانی میں فری میڈیکل کیمپ میں مریضوں کا معائنہ کیا جا رہا ہے



کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ٹیکنیکل ورکشاپ میں شرکاء کی جانب سے کیے گئے سوالات کا جواب دے رہے ہیں

علامہ قمر الزمان اعظمی کی دینی خدمات کے اعتراف میں تقریب

عالمی مبلغ اسلام مولانا عبدالستار خان نیازی اور مولانا شاہ احمد نورانی کی سرپرستی میں دین کا بیڑا اٹھایا، کئی ادارے قائم کیے، علامہ قمر الزمان

یہ دیکھ کر بھی خوشی ہوئی ہے کہ دنیا بھر کی زبانیں بولنے والے علماء اور حفاظ کرام اکٹھے ہوئے ہیں، یہ دنیا بھر انقلاب برپا کر سکتے ہیں، خطاب

مانچسٹر (این این آئی) مفکر اسلام علامہ قمر الزمان اعظمی کی 60 سالہ دینی خدمات کے اعتراف میں غوثیہ مسجد بال بولٹن میں ایک عظیم الشان گولڈن جوبلی جلسہ منعقد ہوا جس میں دنیا بھر سے علماء کرام، قاری صاحبان، نعت خواں حضرات اور مذہبی سکالرز نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور مولانا قمر الزمان اعظمی کی دینی خدمات جو کہ نہ صرف برطانیہ بلکہ دنیا بھر میں ورلڈ اسلامک مشن کے پلیٹ فارم سے مساجد کی تعمیر اور دیگر دینی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر مفکر اسلام علامہ قمر الزمان اعظمی نے اپنے خطاب میں کہا کہ میں نے اپنی تبلیغی اور دینی سفر کا آغاز 18 سال کی عمر میں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے سب سے پہلے ہندوستان میں ایک ادارہ قائم کیا اور دس سال وہاں کام کرنے کے بعد میں پھر میں انگلینڈ آ گیا تھا اور اس وقت سے لیکر آج تک مسلسل کام کر رہا ہوں، دنیا کے بہت سے علاقوں میں عظیم ادارے قائم کئے ہیں۔

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی شہید میجر انور کاکڑ کی شہادت پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بلوچستان ہمارا مشترکہ گھر ہے اس کی ترقی کیلئے سب کو کردار ادا کرنا ہوگا، محمد خان طور اتمان خیل

ہمارا صوبہ ایک پرامن اور خوشحال صوبہ ہے یہاں پر ترقیاتی عمل کو مہمیز کرنے کا وقت آ چکا ہے، رہنما، پاکستان مسلم لیگ (ن)

بعض لوگ نہیں چاہتے کہ صوبہ ترقی کرے لیکن ہم نے ہر صورت میں اپنے مشترکہ گھر کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے، ایم پی اے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنماء و رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمان خیل نے کہا ہے کہ بلوچستان ایک پرامن اور خوشحال صوبہ ہے یہاں پر ترقیاتی عمل کو جاری رکھنے کا وقت آ چکا ہے جو موجودہ حکومت نے اس طرح ترقیاتی منصوبے پر نہ صرف کام شروع کیا بلکہ چیک اینڈ بیلنس اور ناقص میٹریل استعمال کرنے والوں کے خلاف کارروائی بھی عمل میں لانے کی کوشش کی ہے جو لوگ اس صوبے سے مخلص نہیں ہے ان کے لیے مشورہ ہے کہ وہ مزید رکاوٹیں پیدا کرنے کی بجائے حکومتی اقدامات کے ساتھ شامل ہو کر اپنے آپ کو کامیاب کرائیں یہ بات انہوں نے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے اور اس گھر میں ہم سب نے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا بعض لوگ نہیں چاہتے کہ بلوچستان ترقی کرے لیکن ہم نے ہر صورت میں اس صوبے میں ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہوگا اور جہاں بھی مسائل ہوں ان کو حل اور جہاں وسائل کی ضرورت ہے ان کو استعمال کرنے پر توجہ دیں گے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں ترقیاتی کاموں کے لیے کوشاں ہے اور ہر شخص کا بھی یہی خواہش ہے البتہ چند لوگ نہیں چاہتے جن کے عزائم ہم سب کے سامنے ہے لیکن اس طرح سازشوں کو نہ پہلے کامیاب ہونے دیا اور نہ ہی آئندہ کامیاب ہونے دیں گے۔

جیکب آباد، نہری شگافوں سے دھان کی فصلیں اور دیہات زیر آب

عوامی حلقوں کا محکمہ آبپاشی اور انتظامیہ سے فوری پر نوٹس لینے کا مطالبہ

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں نہری شگافوں سے تباہی، دھان کی فصلیں اور دیہات زیر آب، محکمہ آبپاشی کی غفلت پر شدید احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد ضلع کی مختلف نہروں میں شگاف پڑنے سے سینکڑوں ایکڑ پر محیط دھان کی فصل زیر آب آ گئی جب کہ متعدد دیہات پانی میں ڈوب چکے ہیں متاثرہ افراد محکمہ آبپاشی کی مجرمانہ غفلت کے خلاف سراپا احتجاج ہیں تحصیل ٹھل کی ایس مائنر نہر میں گرڈ اسٹیشن کے قریب 15 فٹ چوڑا شگاف پڑا جس سے تیز بہاؤ کے ساتھ پانی قریبی کھیتوں میں داخل ہو گیا جس کے باعث کئی ایکڑ پر کھڑی فصل مکمل طور پر تباہ ہو گئی۔

جعفر آباد، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی نیشنل پروگرام کے تحت حاملہ خواتین کی مفید خوراک کے حوالے سے آگاہی فراہم کر رہے ہیں

قلعہ عبداللہ کی بدحالی کے ذمہ دار متعصب نمائندے، احمد خان

توت اڈہ واقعہ افسوسناک، ہیڈکوارٹر کی جنگل منتقلی غیر قانونی ہے، افغان قومی موومنٹ

ہمارے پرامن وطن میں مجرم عناصر کو دانستہ طور پر پروان چڑھایا گیا، اب انکے نام پر آپریشن

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نے ایک بیان میں قلعہ عبداللہ کے علاقے توت اڈہ میں پیش آنے والے ناخوشگوار واقعہ پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ قلعہ عبداللہ کی بدحالی اور بدامنی کے اصل ذمہ دار تعصب پرست نمائندے اور ان کے پشت پناہ سرکاری ادارے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلے پرامن علاقوں میں مجرمانہ عناصر کو دانستہ طور پر پروان چڑھایا گیا، کلاشنکوف کلچر، منشیات اور بدمعاشی کو فروغ دے کر عوام کو بھی اس دلدل میں دھکیلا گیا، پھر انہی جرائم کے نام پر نام نہاد آپریشن کر کے اصل مسائل کو مزید گہرا کیا گیا۔ احمد خان نے کہا کہ قلعہ عبداللہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر کو متنازعہ طور پر جنگل پیر علیزئی منتقل کرنا مقامی قبائل اور عوام سے کھلی ناانصافی ہے۔ اس غیر قانونی منتقلی کے نتیجے میں نہ صرف عوام کو بنیادی سہولیات سے محروم کیا گیا بلکہ زمینی تنازعات کو بھی جنم دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب کچھ ذاتی خواہشات، سیاسی سودے بازی اور تعصب پر مبنی فیصلوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اے این پی کے صوبائی وزیر اور ان کے اتحادیوں نے سابق وزیر اعلیٰ کو اعتماد کا ووٹ دینے کے عوض چمن کو ضلع بنانے اور قلعہ عبداللہ کا ہیڈکوارٹر ربائی جیک کر کے جنگل مہاجر کیمپ میں منتقل کرایا۔ یہ اقدام نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ قبائلی روایات، تاریخی حیثیت اور عوامی امنگوں کے خلاف ہے۔

راول ڈیم میں پانی کی سطح کم، سپل ویز بند کردیئے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) راول ڈیم میں پانی کی سطح کم، سپل ویز بند کر دیئے گئے، 1 ہزار 748 فٹ پانی کی سطح ہونے پر صبح 6 بجے سپل ویز کھولے گئے، سپل ویز سے 5 گھنٹے تک پانی کا اخراج جاری رہا، پانی کی سطح 1 ہزار 747 فٹ آنے پر سپل ویز کو بند کر دیا گیا، مری اور گردونواح میں بارش ہونے کی وجہ راول ڈیم میں پانی کی سطح بلند ہوئی پانی کے اخراج کے بعد واٹر لیول 1 ہزار 747 تک آ گیا، سپل ویز کھولنے سے قبل ریسکیو 1122 سمیت تمام متعلقہ ادارے پلوں، ندی نالوں پر موجود رہے، اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے پانی کے اخراج کے عمل کی نگرانی کی گئی۔

آئی ایس آر ٹی ایس کی جانب سے فری میڈیکل کیمپ منعقد کیا گیا

کوئٹہ (اے این این) آئی ایس آر ٹی ایس آرگنائزیشن کی جانب سے خوشحال روڈ گلی نمبر چار نور حیات اسکول میں فری میڈیکل کیمپ منعقد کیا گیا جس میں 467 مریضوں کا معائنہ کیا گیا جس میں فری چیک اپ اور فری ادویات دی گئی اور اہل علاقہ عورتوں، بزرگوں، بچوں نے کا خادم انسانیت پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی کا شکریہ ادا کیا آئی ایس آر ٹی ایس آرگنائزیشن کے سی ای او جہانزیب خان نے نیو پاکستان زندہ باد موومنٹ کے وائس چیئرمین حاجی سردار خان نیازی اور اہل علاقہ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

گورنر خیبر پختونخوا اور سینیٹر روبینہ خالد کی ملاقات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان پیپلز پارٹی کی نو منتخب سینیٹر اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد نے سینیٹ الیکشن میں کامیابی کے بعد گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ملاقات کی، گورنر نے بطور سینیٹر کامیابی پر انہیں مبارکباد پیش کی اور انکی کامیابی کو بھٹو شہید کے وژن کی فتح قرار دیا، سینیٹر روبینہ خالد نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کے تعاون اور کردار پر انکا شکریہ ادا کیا۔

انڈونیشیا میں مسافر کشتی میں آگ بھڑک اٹھی، 5 ہلاک

ماہی گیروں نے 500 افراد کو بچا کر قریبی جزیروں پر منتقل کیا

جکارتہ (م ڈ) انڈونیشیا کے ساحلی علاقے سولاویسی کے قریب ایک مسافر بردار کشتی میں آگ لگنے کے نتیجے میں کم از کم 5 افراد ہلاک ہو گئے جبکہ 500 سے زائد افراد کو محفوظ طریقے سے بچا لیا گیا۔ انڈونیشیا کی بحری سیکیورٹی ایجنسی (باکاملا) کے مطابق، یہ حادثہ کے ایم 5 بارسلونا نامی فیری کو پیش آیا جو شمالی سولاویسی کے دارالحکومت مانادو کی جانب جا رہی تھی۔ بیان میں کہا گیا کہ: "پانچ افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہوئی ہے، جن میں سے دو کی شناخت تاحال نہیں ہو سکی"۔

حلقہ انتخاب کے مسائل حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، زرک مندوخیل

جان محمد روڈ پر اوور فلو ہونے سے نالیوں کا پانی روڈ پر بہہ رہا ہے اسے صاف کرنے کے لیے صفائی کا عملہ طلب کیا گیا ہے

حلقے کی عوام اور مکینوں نے رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل کو فوری بارش کے وقت علاقے کا دورہ کرنے پر شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ علاقے کے مسائل حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور فلو ہونے سے نالیوں کا پانی روڈ پر بہہ رہا ہے اسے صاف کرنے کے لیے صفائی کا عملہ طلب کیا گیا ہے یہ بات انہوں نے جان محمد روڈ کے ہنگامی دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ اوور فلو ہونے سے نالیوں کا پانی روڈ پر بہہ رہا ہے اسے صاف کرنے کے لیے صفائی کا عملہ طلب کیا گیا ہے علاقے کے مسائل حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے حلقے کی عوام کی پریشانیوں کا بخوبی علم ہے جان محمد روڈ اور ان سے منسلک تمام علاقوں کے مسائل کو جلد حل کیا جائے گا حلقے کی عوام اور رہائشیوں نے رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل کو فوری بارش کے وقت علاقے کا دورہ کرنے پر شکریہ ادا کیا انہوں نے کہا کہ وہ واحد علاقے کا ایم پی اے ہے جنہوں نے بارش کے موقع پر علاقے کا دورہ کیا اور خود پانی میں اترے۔

جرمنی کا نیا فری لانس ویزا؟ فیس صرف 2800 روپے

برلن (م ڈ) دنیا کے بیشتر ممالک فری لانسرز اور آن لائن کام کرنے والے غیر ملکیوں کیلئے فری لانس ویزا اسکیمز کا اعلان کرتے ہیں جس کیلئے کچھ قواعد و ضوابط اور شرائط لاگو ہیں۔ اس سلسلے میں جرمنی کا نیا فری لانس ویزا ابھی متعارف کیا گیا ہے، یہ ویزا کیا ہے، اسے کیسے حاصل کیا جاتا ہے اور اس سے کیا فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں؟ مندرجہ ذیل سطور میں تفصیلات پیش کی جا رہی ہیں، جو جرمنی جانے کے خواہشمند افراد کیلئے مفید اور کارآمد ثابت ہوں گی۔ اگر آپ یورپ کے کسی خوبصورت، تاریخی اور ترقی یافتہ ملک میں خود مختار (فری لانس) کام کرنا چاہتے ہیں، تو جرمنی کا نیا فری لانس ویزا آپ کے لیے سنہری موقع ہو سکتا ہے۔ یہ ویزا خاص طور پر ان افراد کے لیے ہے جو یورپی یونین کے رکن نہیں ہیں، یعنی بھارتی، پاکستانی اور دیگر غیر یورپی ممالک کے شہری بھی اس کے اہل ہو سکتے ہیں۔

کوئٹہ، چیف انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ عبدالمطلب سے حاجی حمید اللہ ساسولی اور حاجی منیر احمد سیاپاد ملاقات کر رہے ہیں

مقابلہ مضمون نویسی کے انعام یافتگان کیلئے تقریب تقسیم انعامات

نگہت سلطانہ پہلی، راحیلہ رحمن دوسری، جویریہ سلمان نے تیسری پوزیشن حاصل کی

مہمان خصوصی میمونہ حمزہ، ڈاکٹر نوید اور ڈاکٹر رقیہ عباسی نے انعامات، اسناد تقسیم کیے

کوئٹہ (آن لائن) حلقہ خواتین جماعت اسلامی شعبہ نشر و اشاعت کے زیر اہتمام خواتین کی تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کیلئے مضمون نویسی کا مقابلہ منعقد کیا گیا، جس میں بڑی تعداد میں خواتین نے حصہ لیا۔ مضمون نویسی کے مقابلے میں نگہت سلطانہ پہلی، راحیلہ رحمن دوسری اور جویریہ سلمان نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ حلقہ خواتین جماعت اسلامی شعبہ نشر و اشاعت اسلام آباد نے مقابلہ مضمون نویسی کے انعام یافتگان کیلئے تقریب تقسیم انعامات و اسناد جامعہ تفہیم القرآن ایچ ایٹ میں منعقد کی گئی۔ تقریب کی مہمان خصوصی میمونہ حمزہ تھیں ان کے ہمراہ ڈاکٹر نوید اور ڈاکٹر رقیہ عباسی بھی موجود تھیں۔ شہناز روف نے مہمانوں کو گلدستے پیش کیے۔ مہمان خصوصی سمیت دیگر مہمانوں نے مقابلہ مضمون نویسی میں اول، دوم اور سوم آنے والی لکھاریوں نگہت سلطانہ، راحیلہ رحمن اور جویریہ سلمان کو انعامات دیے اس موقع پر حسن کارکردگی اور بہترین کاوش پر بھی اسناد دی گئیں اور باقی افراد کو حوصلہ افزائی کے طور پر سرٹیفکیٹ دیے گئے۔ تقریب کا آغاز رمشہ سید نے سورہ قلم کی تلاوت سے کیا۔ مہمان خصوصی ڈاکٹر میمونہ حمزہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ادب کی بنیاد سچائی پر ہوتی ہے اور لکھنے والوں پر بہت بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

صوبے بھر میں تاجر غیر محفوظ ہیں، حکومت تحفظ کیلئے اقدامات کرے، عبدالرحیم کاکڑ

پنجگور چوری ڈکیتی میں ملوث ملزمان کی عدم گرفتاری کی مذمت اور مرکزی انجمن تاجران پنجگور کے احتجاج کی حمایت کرتے ہیں

حکومت فوری طور پر وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دے کر تاجروں کو تحفظ کی فراہمی یقینی بنائیں، حضرت علی اچکزئی

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، سعد اللہ اچکزئی، حاجی ہاشم کاکڑ، ظفر کاکڑ، عبدالخالق آغا، عبدالعلی دمڑ، دوران علی کاکڑ، اللہ داد اچکزئی، جہانگیر لانگو، نقیب اللہ کاکڑ، عمر اچکزئی، سید عبداللطیف سمیت دیگر نے پنجگور انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے چوری ڈکیتی میں ملوث ملزمان کی عدم گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے مرکزی انجمن تاجران پنجگور کے صدر فرید بلوچ اور ان کی کابینہ کے احتجاج کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت فوری طور پر وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دیکر تاجروں کو تحفظ کی فراہمی یقینی بنائیں بصورت دیگر ہم کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں احتجاج کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری پولیس اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ 2 ہفتے قبل پنجگور میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں رونما ہوئی تھی۔

گوادر، وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ڈی سی حمود الرحمن گوادر یونیورسٹی کی طالبہ کو پنک اسکوٹی کی چابی فراہم کر رہے ہیں

PID(K)1124-D/25

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر، پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم اے ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 22 جولائی 2025ء

موسمیاتی تبدیلیوں کے بڑھتے ہوئے اثرات سے نمٹنے کی ضرورت

نائب وزیر اعظم اسحٰق ڈار نے موسمیاتی تبدیلیوں کے بڑھتے ہوئے اثرات نے ترقی کے ثمرات کو پلٹ دیا ہے، پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے خلاف اقدامات میں اضافہ کر رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے اعلیٰ سطح سیاسی فورم (ایچ ایل پی ایف) کے مباحثے میں خطاب کرتے ہوئے نائب وزیر اعظم اسحٰق ڈار نے کہا کہ 2030 تک صرف پانچ سال باقی ہیں اور اس وقت صرف 35 فیصد پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) درست سمت میں ہیں۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ عالمی وبا، خوراک، ایندھن اور مالیاتی بحرانوں کے مشترکہ اثرات، اور موسمیاتی تبدیلیوں کے بڑھتے ہوئے اثرات نے ترقی کے ثمرات کو پلٹ دیا ہے، ان ثمرات کو بڑی مشکل سے حاصل کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں نے عدم مساوات کو مزید گہرا کر دیا ہے، ان چیلنجوں کے باوجود پاکستان 2030 کے ایجنڈے کے حصول کے لیے پوری طرح پر عزم ہے۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ ہماری قومی ترقیاتی حکمت عملیاں، بشمول 'اُڑان پاکستان' پائیدار ترقی کے اہداف سے ہم آہنگ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری سماجی تحفظ کی اسکیمیں یہ یقینی بنانے کے لیے ترتیب دی گئی ہیں کہ کوئی بھی پیچھے نہ رہ جائے، ان اسکیموں میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور بینظیر نشوونما (بچوں کی نشوونما کے پروگرام) شامل ہیں۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے کے لیے، ہم نے ڈیجیٹل یوتھ حب کا آغاز کیا ہے، دانش اسکولوں اور نئی جامعات کے کیمپسز کے ذریعے معیاری تعلیم تک رسائی کو وسعت دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم موسمیاتی تبدیلی کے خلاف اقدامات کو بڑھا رہے ہیں، اس میں 2030 تک 60 فیصد قابل تجدید توانائی کا ہدف شامل ہے، اس کے ساتھ ساتھ، ریچارج پاکستان اور لیونگ انڈس جیسے اقدامات کے ذریعے ہماری مزاحمتی صلاحیت کو مضبوط کیا جا رہا ہے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ ہمارا نیا قومی سطح پر مقرر کردہ موسمیاتی وعدہ (این ڈی سی) آخری مراحل میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے مالیاتی استحکام کے لیے کلیدی معاشی اصلاحات متعارف کرائی ہیں اور ہم نے سرمایہ کاری کے لیے ماحول کو مزید سازگار بنایا ہے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ ایس آئی ایف سی ترجیحی شعبوں میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دے رہی ہے۔ اس حقیقت سے کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا ہے کہ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے کئی سنگین چیلنجز کا سامنا ہے۔ درجہ حرارت میں اضافہ، بارشوں کے پیٹرن میں تبدیلی، اور گلیشیئرز کا پگھلنا پاکستان کے لیے بڑے خطرات ہیں۔ ان تبدیلیوں کے نتیجے میں زراعت، پانی کی دستیابی، اور انسانی صحت پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ گذشتہ ایک صدی میں پاکستان میں اوسط درجہ حرارت میں صفر اعشاریہ چھ تین ڈگری سینٹی گریڈ کا اضافہ دیکھا گیا ہے۔ یورپی یونین کی ویب سائٹ انٹر ایکٹو کنٹری چیک کے مطابق پاکستان میں تاریخی طور پر بارشوں کا سلسلہ کافی گھمبیر رہا ہے۔ صدی کے آغاز میں بارشیں کم تھیں لیکن 1960 کے بعد سے بارشوں میں اضافہ دیکھنے کو ملا ہے۔ پاکستان کے خشک اور ساحلی علاقوں میں بارش میں 10 سے 15 فیصد کمی آئی ہے، جس کے باعث مینگرووا ایکو سسٹم متاثر ہوا ہے، لیکن ساتھ ہی ملک میں تیز بارش میں اضافہ ہوا ہے لیکن اس کے ساتھ ملک میں ہیٹ ویو کے دنوں میں بھی اضافہ دیکھنے کو ملا ہے۔ اس صدی کے آخر تک ملک میں درجہ حرارت میں تین سے چھ ڈگری سینٹی گریڈ کا اضافہ ہونے کا امکان ہے جبکہ سمندر کی سطح میں 60 سینٹی میٹر تک اضافہ ہونے کا خدشہ ہے، جس کے باعث کیٹی بندر اور دریائے سندھ کا ڈیلٹا نمکین ہو جائے گا۔ وزارت موسمیاتی تبدیلی نے پچھلی حکومت کی مدت ختم ہونے سے قبل موسمیاتی تبدیلی سے رونما ہونے والی مسائل اور ان کے اثرات کے حوالے سے نیشنل اڈاپٹیشن پلان مرتب کیا۔ اس میں کہا گیا کہ موسمیاتی تبدیلی کا اثر ہر ایک پر ایک جیسا نہیں ہوگا بلکہ یہ انفرادی فرد کو اور طریقے سے، کاروبار کو مختلف، کمیونٹی کو مختلف اور تنظیموں اور حکومتوں کو مختلف طریقے سے متاثر کرے گی۔ موسمیاتی تبدیلی کو اہمیت دینی چاہیے کیونکہ اس کے اثرات اور اس سے ہونے والے نقصانات مستقبل یا مستقبل قریب کی بات نہیں بلکہ یہ ہمارا حال ہے۔ گذشتہ سال ورلڈ بینک نے کہا تھا کہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث پاکستان میں گرمی کی شدت اور سیلاب اس بات کا واضح عندیہ ہے کہ موسمیاتی تبدیلی سے پاکستان کو ترقیاتی پروگرام اور غربت میں کمی کرنے کی کوششوں میں مشکلات ہوں گی۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث آفات سے 1700 افراد جان گنوا بیٹھے جبکہ 80 لاکھ افراد بے گھر ہوئے۔ اس کے علاوہ ملک کو 30 ارب ڈالر کا انفراسٹرکچر، فصلوں اور مویشیوں کے کھونے سے معاشی نقصان ہوا جبکہ رواں سال ہونے والے نقصانات کا ابھی تک تخمینہ نہیں لگایا گیا ہے جو کہ سیلاب کی وجہ سے ملک بھر میں پیش آئے ہیں۔ ورلڈ بینک کی رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے ترقیاتی پروگرام اور پالیسیاں بنانی ہوں گی۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا کہ شدید موسمیاتی تبدیلی، ماحولیاتی خرابی اور ہوا میں آلودگی سے پاکستان میں 2050 تک ملک کے جی ڈی پی میں 18 سے 20 فیصد کمی ہو سکتی ہے۔ یہ ایک بہت بڑا نمبر ہے، جس سے ملک کی ترقی رک جائے گی۔ اس میں مزید کہا گیا کہ موسمیاتی تبدیلی ایسا خطرہ ہے جو اس وقت ہمیں درپیش ہے اور جو آنے والی نسلوں کی زندگی تبدیل کر کے رکھ دے گا۔ یہ ایسا وقت ہے جب حکومت کو سنگینی سے اس سے نمٹنے اور اس کے اثرات کو کم سے کم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے، اس سے پہلے ہم اس موڑ پر پہنچ جائیں جہاں سے واپسی کا راستہ نہ ہو۔ کارنیجی انٹرنیشنل کے مطابق بیسویں صدی کے وسط میں ملک میں ایک ڈگری سینٹی گریڈ موسم گرم ہونے کے باعث سالانہ فی کس آمدنی میں 1.4 فیصد کمی واقع ہوئی، لیکن اس سے بھی تشویشناک بات یہ کہ موسم میں شدت میں کمی بھی واقع ہو جائے تو اس سے فی کس آمدنی میں کمی برقرار رہتی ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ ملکی معاشی کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔ سائنس دانوں کا اتفاق ہے کہ انسانی سرگرمیوں کے باعث موسمیاتی تبدیلی اور ال نینو مل کر دنیا کے کئی خطوں پر اس طرح اثر انداز ہوگا، جو پہلے نہیں دیکھا گیا۔ پاکستان کے پاس آپشن ہے کہ آیا وہ اپنے وجود میں آنے کے سو سال بعد موسمیاتی تبدیلی کو مدنظر رکھتے ہوئے ماحول دوست اقدامات اٹھا کر معاشی کامیابی کی مثال بننا چاہتا ہے یا نہیں۔ ہمارا سیارہ 20 سال پہلے والا نہیں رہا اور موسمیاتی تبدیلی کے باعث اس میں تیزی سے تبدیلیاں آ رہی ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق 2035 اور 2044 تک 50 لاکھ افراد دریاؤں میں طغیانیوں سے متاثر ہوں گے اور 2070 سے 2100 تک ہر سال 10 لاکھ افراد ساحلی پٹیوں پر سمندر پانی کی وجہ سے متاثر ہوں گے۔ موسمی تبدیلی سے خدشہ ہے کہ انسانی صحت پر فضائی اور آبی آلودگی کے اثرات زیادہ ہوں گے، انتہائی گرمی کے باعث مزدور طبقے کی کارکردگی پر اثر ہوگا، پانی میں کمی ہوگی اور ہائیڈرو پاور پروڈکشن میں کمی آئے گی۔ آج کل کے شدید موسمیاتی واقعات کو دیکھیں تو اس سے صاف ظاہر ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث دنیا میں تبدیلی آ رہی ہے اور اس کا اثر مستقبل میں کیا ہوگا۔

کرپٹو کرنسی پاکستان کی مالیاتی مدد کرے گی یا ماحولیاتی خطرات میں اضافہ؟

تلاش

ہما یوسف

خوراک کی تقسیم کے مراکز یا مقتل گاہ؟

منظر نامہ

عباس ناصر

کشمیر بنے گا پاکستان

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

دل کی ریاست...

امتحان

صوفیہ بیدار

کینیائی ناول نگار گوگی وا تھیونگو اور مادری زبان کی اہمیت

برملا

نصرت جاوید

معیشت کی بہتری کا غریبوں کو فائدہ؟

شہریاراں

نجم ولی خان

اتفاق رائے اور سزاؤں کی سختی

اظہار خیال

عمران یعقوب خان

انجمن تاجران کی کال پر شٹر ڈاؤن ہڑتال، تمام کاروباری مراکز بند، ڈی سی چوک پر احتجاجی کیمپ قائم

پولیس تاجر برادری کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے اقدامات کرے، نصیرآباد میں امن امان کی مخدوش صورتحال پیدا ہوچکی ہے، ڈیرہ مراد جمالی میں تاجر محفوظ نہیں

پولیس نے تاجر برادری کو تحفظ فراہم نہیں کیا تو قومی شاہراہ پر احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا دیکر سندھ بلوچستان قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا جائے گا ، تاج بلوچ ،لیاقت علی

نصیرآباد+ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگاران) آئے روز شہر میں ہونے والی تاجران سے ڈکیتیوں کیخلاف انجمن تاجران ڈیرہ مراد جمالی کے صدر تاج بلوچ کی کال پر مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال، تمام کاروباری مراکز بند ڈی سی چوک پر احتجاجی کیمپ قائم کر دیا ہے پولیس تاجر برادری کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے اقدامات کرے نصیرآباد میں امن امان کی مخدوش صورتحال پیدا ہوچکی ہے نصیرآباد کے ہیڈکوارٹر شہر ڈیرہ مراد جمالی میں تاجر محفوظ نہیں ہیں پولیس نے اگر تاجر برادری کو تحفظ فراہم نہیں کیا تو پانچ کے بعد قومی شاہراہ پر احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا دیکر سندھ بلوچستان قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری پولیس پر عائد ہوگی تاج بلوچ جنرل سیکرٹری لیاقت علی چھلگری سمیت دیگر رہنماؤں کا احتجاجی کیمپ میں خطاب ڈیرہ مراد جمالی میں بڑھتی ہوئی تاجران سے ڈکیتیوں لوٹ مار اور امن و امان کی مخدوش صورتحال کیخلاف انجمن تاجران ڈیرہ مراد جمالی کے صدر تاج بلوچ جنرل سیکرٹری لیاقت علی چھلگرا کی قیادت اور کال پر سوموار کے روز شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ شہر کے تمام کاروباری، تجارتی اور شاپنگ مراکز بند رہے، جبکہ ڈی سی چوک پر احتجاجی کیمپ لگایا گیا جہاں انجمن تاجران کے صدر کامریڈ تاج بلوچ جنرل سیکرٹری لیاقت علی چھلگرا انجمن تاجران و دکانداران کے جنرل سیکرٹری مختیار احمد قادری بگٹی ،ہترام داس پہوجہ ،انجمن تاجران کے جنرل سیکرٹری لیاقت علی چھلگرا علی محمد بوہڑ ،ہول سیل ٹریڈ یونین کے صدر میر جان مینگل ہر پال داس پہوجہ کھاد ایسوسی ایشن کے صدر عزیز احمد کھوسہ ،آل میڈیکل اسٹورز یونین کے جنرل سیکرٹری کیش کمار ،سٹی میڈیکل اسٹورز کے صدر عارف کھوسہ ،راجیش کمار کنارا ،بنی تحریک کے مولانا نواب دین ڈوگی ،موٹرز یونین کے عبد الرزاق پہنور ،ورزی ایسوسی ایشن کے صدر اللہ ودھ وینس سیٹھ گھنشام داس ڈاسول ،رتن کمار عرف ہلا ،جمہور احمد عمرانی ،حیلون ایسوسی ایشن کے صدر فدا حسین منگی ،سمیت دیگر تاجر برادری نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور دیگر تاجر یونینز کے عہدیداران نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر تاجران و یونین کے نمائندگان کا کہنا تھا کہ ڈیرہ مراد جمالی میں امن و امان کی صورتحال انتہائی ابتر ہوچکی ہے آئے روز تاجران اور شہریوں کو گن پوائنٹ پر لوٹا جا رہا ہے کسی کی جان و مال محفوظ نہیں رہا ہے پولیس انتظامیہ امن و امان قائم رکھنے میں ناکام ہوچکی ہے انہوں نے کمشنر نصیرآباد ڈویژن۔ ڈی آئی جی نصیرآباد ریج اور ایس ایس پی نصیرآباد سے مطالبہ کیا کہ شہر میں امن و امان کی بحالی کو یقینی بنانے کے ساتھ جرائم پیشہ افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے اور کاروباری حضرات کو تحفظ فراہم کیا جائے بصورت دیگر پانچ روز کے بعد قومی شاہراہ کو بند کر دیا جائے گا

مانجھی پور میں مچھروں کی بہتات، ملیریا کے مرض میں اضافہ

مانجھی پور (آن لائن) شاہی فیڈر میں پول گرنے سے بجلی کی بندش کے بعد تحصیل مانجھی پور میں مچھروں کی بہتات شام ہوتے ہی زہریلے مچھر کاٹنا شروع کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے ملیریا کے مرض میں اضافہ ہونے لگا بچے بوڑھے اور خواتین مچھروں سے پریشان فوری طور پر مچھروں کو تلف کرانے کے لیے اسپرے کرایا جائے ان خیالات کا اظہار تنظیم الخدمت ویلفیئر مانجھی پور کے عہدیداران وممبران نے اپنے بیان میں کیا تفصیلات کے مطابق مانجھی پور اور گردونواح میں مون سون کی بارشوں کی وجہ مچھروں کی افزائش میں اضافہ دیکھنے کو آیا ہے سورج غروب ہوتے ہی زہریلے مچھروں کی بہتات شروع ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے کئی لوگ ملیریا میں مبتلا ہوگئے ہیں سرکاری اور پرائیویٹ مراکز صحت میں ملیریا کے مریضوں کی تعداد بڑھنے لگی تنظیم الخدمت ویلفیئر مانجھی پور کے ارکان نے ملیریا کنٹرول پروگرام اور محکمہ صحت پور کے ہیلتھ آفیسر سے مطالبہ کیا ہے کہ مانجھی پور اور گردونواح میں مچھر اسپرے کرایا جائے

گندواہ: ڈپٹی کمشنر جھل مگسی میران بلوچ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

میونسپل کارپوریشن کے ملازم محمد یعقوب دوران ڈیوٹی جاں بحق

اوستہ محمد (آن لائن) میونسپل کارپوریشن کے جمعدار محمد یعقوب شیخ دوران ڈیوٹی دل کا دورہ پڑا جنہیں سول ہسپتال لایا گیا جہاں وہ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے میئر میونسپل کارپوریشن میر مظفر خان جمالی نے جمعدار یعقوب شیخ کی اچانک وفات پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ محمد یعقوب شیخ محنتی اور فرض شناس ملازم تھے جنہوں نے اپنی ذمہ داری محنت اور لگن سے انجام دیا۔

اوستہ محمد کے قبرستان کی زمین پر بھی قبضہ

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد کے قبرستان کی زمین پر بھی قبضہ اب کوئی فوت ہوتا ہے تو قبر میں جگہ نہیں قبرستان کی زمین پر قبضہ خالی کروا کرا کے قبرستان کے لیے وقف کیا جائے عوامی حلقوں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے کہا کہ اوستہ شہر میں قبرستان بھر گئے اب میت پہ میت کو دفنانا پڑ رہا ہے شہر کے اندر گڑھی خیرو روڈ اور بلھرزہ گوٹھ کے قبرستان میں اب کوئی گنجائش نہیں لیکن میونسپل کمیٹی نے قبرستان کے لیے 32 ایکڑ زمین خریدی ہوئی ہے

میر شعیب نوشیروانی کی ہدایت پر خاران شہر میں صفائی مہم جاری

میونسپل کمیٹی کا عملہ مختلف مشینری اور ٹریکٹر کے ذریعے صفائی کر رہا ہے

ایس پی کے اور ٹیکنیکل اساتذہ کے اعزاز میں ویلکم پارٹی

امیر حمزہ زہری سے پریس کلب کے صدر کی ملاقات

ضلعی ہیڈکوارٹر ٹیچنگ ہسپتال کے سامنے اسپیڈ بریکر نصب کرنا ناگزیر ہے

میڈیکل اسٹور، لیبارٹریز اور ہسپتال آنے والوں کو سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

ضلع اوستہ محمد کی ترقی کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، سردار ہارون

سردار زادہ فیصل خان جمالی حلقہ انتخاب کی ترقی و خوشحالی کے لیے کوشاں ہیں

ضلع واشک کو آفیسران نے مفلوج کر دیا گیا ہے، جے یو آئی

چند ایک کے علاوہ کوئی محکمہ کا آفیسر اور اسٹاف ڈیوٹی کے لیے تیار نہیں

ترقیاتی منصوبوں میں ڈپلیکیشن یا اوور لیپنگ برداشت نہیں، ڈپٹی کمشنر

شہر کی خوبصورتی اور اسکیمات شامل ہیں، فنڈز عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ ہونگے

افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان حکومت کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کے لیے جاری کردہ فنڈز کے موثر استعمال سے متعلق مختلف امور زیر غور آئے۔ ڈپٹی کمشنر میران بلوچ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ فنڈز پینے کے صاف پانی، صحت، تعلیم، شہر کے دروازوں، چیک ڈیمز، شہر کے خوبصورتی سمیت دیگر اسکیمات شامل خدمات حاصل کی جائیں گی، جبکہ سڑک کی مرمت کے لیے ایکسئین بلڈنگ و روڈ ڈویلپمنٹ کی عمارت اور بس اڈے کو بجلی کی فراہمی کے لیے کیسکو حکام کو فوری اسکیمیں بنانے کی ہدایت دی گئی۔ اس کے علاوہ، ناکارہ اسکول عمارتوں کی بحالی اور شہر میں نئی پائپ لائن بچھانے کے لیے بھی پی سی ون تیار کرنے کی ہدایت جاری کی گئی۔

رخشان ڈویژن میں بیروزگاری سنگین مسئلہ بن چکی ہے، عزیز نوتیزئی

ایران اور افغانستان کے بارڈرز پر تجارتی سرگرمیوں کی بندش سے لاکھوں افراد روزگار سے محروم ہو چکے ہیں

مقامی لوگوں کے لیے متبادل روزگار کے مواقع نہ ہونے کے باعث صورتحال دن بہ دن خراب ہوتی جا رہی ہے

بابا غلام رسول عمرانی کے خلاف الزامات مسترد، عوام ساتھ کھڑی ہے

دیانتداری اور خدمت کی علامت ہیں، کردار کشی کی کوششیں ناکام ہوں گی

ضلعی ہیڈکوارٹر گندواہ بنیادی سہولیات سے محروم ہے، عزیز لاشاری

علاقے کی زرعی معیشت ڈوبنے لگی، عملی منصوبہ بندی نہیں کوئی پرسان حال نہیں

جماعت اصلاح المسلمین ضلع لسبیلہ کا مشترکہ پروگرام یوم شہدائے کربلا

نصیرآباد، شہری ایکشن کمیٹی کا اجلاس 22 جولائی کو منعقد ہوگا

لعل شاہ قبرستان کی اراضی سمیت دیگر عوامی مسائل زیر غور لائے جائیں گے

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Irrigation Division Duki invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee Rs.2000 and Bid Security 3%**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Construction of Dam at Killi Wavi at District Duki. **TSE.252607787803**	115,000,000
2	Construction of Check Dams at Talao area District Duki. **TSE-252607787843**	100,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 80,500,000 PKR Amount in 3 subsequent previous years for the work at S.# 1 and 70,000,000 PKR Amount for the work at S.# 2, in 2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (Upto 200 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE04 (i) (Dams / Water Retaining Structures), CE04 (iii) (dams only). Must have completed 2 no of similar assignment costing 70% of estimated cost in last three years. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 3 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank for each work. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk. **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **05 August, 2025** till **10:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **11:00 AM on EPPS System Address:** Irrigation Department Duki **Phone No: 0824-666402 Fax No: 0824-666402 Email:** engr.isrartokhai@gmail.com

EXEC ENGINEER IRRIGATION DIVISION DUKI

PRQ No.198/21-7-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔۔ادارہ رائٹنگ اور مطلوبہ اضافہ والے مسودے کے مطابق شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقاً غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جانے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

تلاش گمشدہ

میرا سردار بہادر خان یونیورسٹی کا رجسٹریشن کارڈ نمبر S18/BS-ISL-34 شناختی کارڈ نمبر 5440037071620 بنام شہناز دختر گل شیر کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر برائے مہربانی سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی پہنچا دیں

R.No.........61754

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5440075833911 بنام درجان علی ولیل خان ولد نور حسن تحصیل دشت ضلع مستونگ کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03313272221 پر مطلع کریں

R.No.........61765

تلاش گمشدہ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430209209773 اور کاغذات یونیک موٹر سائیکل ماڈل نمبر 2024 انجن نمبر DSC چیسز نمبر DSE2458092 3459217 کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر رابطہ نمبر 03318304011 المشتہر گل شاہ ولد روشان عبدالحق دریا خانوزئی............

اعلان لاتعلقی

ہم دونوں بھائی عبدالرحمن قومی شناختی کارڈ نمبر 5420159880633 فیض محمد شناختی کارڈ نمبر 5440003696624 پسران شیر محمد اپنے حقیقی بھائی منظور محمد ولد شیر محمد سے بوجہ لڑائی جھگڑا لوگوں سے ادھار لینا اور بری سوسائٹی کی وجہ سے اعلان لاتعلقی کرتے ہیں یہ کہ ہمارے والد نے منظور محمد کو اس کا شرعی حصہ ادا کر دیا تھا آج کے بعد جو شخص منظور محمد سے لین دین کاروبار ادھار دے گا وہ اپنے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا

ADVT سنڈس.............

تبدیلی کمپنی نام

میں نے اپنی کمپنی کا نام زین اللہ خان سے تبدیل کر کے زین اللہ خان کاکڑ (زیڈ، کے، سی) رکھ لیا ہے لہذا آج کے بعد اسی نام سے لکھا اور پکارا جائے المشتہر زین اللہ خان کاکڑ

R.No...........61755

آسامیاں (عارضی) خالی ھیں

محکمہ اسکول ایجوکیشن حکومت بلوچستان، صوبے کی تمام اضلاع کے بند سکولوں کو کھولنے اور سکول سے باہر بچوں کو سکولوں میں داخل کرانے اور اسکولوں میں اساتذہ کرام کی کمی کو دور کرنے کیلئے محکمہ سکول ایجوکیشن بلوچستان کی منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) کی روشنی میں محکمہ اسکول ایجوکیشن میں اساتذہ کے گریڈ 14 تا 15 کی آسامیوں کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر پر کرنے کیلئے ضلع چمن کے لوکل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	آسامی کا نام بمعہ گریڈ	بنیادی تعلیمی قابلیت
1	ایلیمنٹری سکول ٹیچر EST (B-15)	بیچلر ڈگری (آنرز) (ایجوکیشن میں) 4 سالہ BS ایجوکیشن کسی مستند یونیورسٹی سے یا بیچلر ڈگری بمعہ بی-ایڈ (B. Ed) کسی مستند یونیورسٹی سے
2	جونیئر انگلش ٹیچر JET (B-15)	بیچلر ڈگری (آنرز) (ایجوکیشن میں) 4 سالہ BS ایجوکیشن کسی مستند یونیورسٹی سے یا بیچلر ڈگری بمعہ بی-ایڈ (B. Ed) کسی مستند یونیورسٹی سے
3	جونیئر انگلش ٹیچر ٹیکنیکل JET-Tech (B-15)	بیچلر ڈگری کسی مستند یونیورسٹی سے اور ایک سالہ ٹریننگ ڈپلومہ گورنمنٹ ٹیچرز ٹریننگ سینٹر سے
4	جونیئر عربک ٹیچر JAT(B-15)	گریجویشن بمعہ عربی مضمون اور عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) ایچ ای سی (HEC) سے منظور شدہ یونیورسٹی یا ادارے سے۔ یا الشہادت العالیہ (مساوی بیچلر ڈگری) از وفاق المدارس بمعہ تنظیم المدارس یا ایچ ای سی (HEC) سے منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) ایچ ای سی (HEC) سے منظور شدہ یونیورسٹی یا ادارے سے یا سند درس نظامی کسی منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) ایچ ای سی (HEC) سے منظور شدہ یونیورسٹی یا ادارے سے
5	فزیکل ایجوکیشن ٹیچر PET(15-B)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے سے بمعہ ڈپلومہ فزیکل ایجوکیشن
6	ڈرائنگ ماسٹر JDM(15-B)	بیچلر ڈگری بمعہ ڈرائنگ سرٹیفکیٹ کسی مستند ادارے سے
7	جونیئر ورناکیولر ٹیچر JVT(14-B)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے / یونیورسٹی سے اور پرائمری ٹیچر سرٹیفکیٹ (PTC) / بیچلر آف ایجوکیشن (B.Ed) کسی مستند ادارے سے / ایسوسی ایٹ ڈگری (2 سال) ایجوکیشن میں (ADE) / بیچلر ڈگری (آنرز) ایجوکیشن (4 سال) کسی مستند ادارے سے
8	ای سی ای ٹیچر ECE Teacher (14-B)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے / یونیورسٹی سے اور پرائمری ٹیچر سرٹیفکیٹ (PTC) / بیچلر آف ایجوکیشن (B.Ed) کسی مستند ادارے سے / ایسوسی ایٹ ڈگری (2 سال) ایجوکیشن میں (ADE) / بیچلر ڈگری (آنرز) ایجوکیشن (4 سال) کسی مستند ادارے سے
9	معلم القرآن MQ(14-B)	بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے / یونیورسٹی سے یا سند (مساوی بیچلر ڈگری کے) وفاق المدارس، تنظیم المدارس یا محکمہ تعلیم کے کسی مستند ادارے سے

نوٹ: امیدوار کیلئے مطلوبہ پیشہ وارانہ تعلیمی قوائف کا حامل ہونا لازمی ہے۔ تاہم جن مخصوص یونین کونسل / علاقوں میں پروفیشنل ڈگری رکھنے والے امیدواران دستیاب نہ ہوں تو وہاں دوسرے امیدواران کو زیر غور لائے جائینگے۔ **ضروری ھدایات شرائط و ضوابط** (1) صرف مطلوبہ تعلیمی قابلیت رکھنے والے امیدوار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ (2) صرف ضلع چمن کے لوکل / ڈومسائل حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے۔ (3) امیدوار کو گریجویٹ ہونا چاہیئے اور عمر کی بالائی حد 55 سال سے زائد نہ ہوں۔ (4) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں۔ (5) تمام ریکروٹمنٹ خالصتاً حکومت بلوچستان سے منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) کے تحت ہونگی۔ بلوچستان گورنمنٹ سیکنڈری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے دیگر قوانین / پالیسی / نوٹیفکیشن جو ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) سے متصادم ہوں، اس ریکروٹمنٹ پر قابل عمل نہ ہونگے۔ (6) آسامیاں متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق مشتہری کی جارہی ہیں۔ لہذا صرف دفاتر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق درخواست موصول کی جائینگی۔ اور اس میں کسی بھی قسم کا ردوبدل قابل قبول نہ ہوگا۔ (7) تصدیق شدہ خالی آسامیوں کی یونین کونسل فہرست محکمہ تعلیم کی ویب سائٹ www.emis.gob.pk پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ (8) شہری علاقوں کی میرٹ لسٹ میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کی حدود کے مطابق ہوگی جبکہ دیہی علاقوں کی میرٹ لسٹ یونین کونسل وار مرتب ہوگی۔ (9) معذور افراد کا کوٹہ اور اقلیتی کوٹہ کی علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ ضلع کی سطح پر مرتب ہوگی معذور افراد محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے جاری کردہ معذور سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے اور کوئی ایسی معذوری قابل قبول نہ ہوگی جو تعلیمی عمل کو متاثر کرتی ہو۔ (10) میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، یونین کونسل اور تحصیل کی حدود کا تعین محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مروجہ نوٹیفکیشن کے مطابق ہوگا۔ (11) میرٹ صرف تصدیق شدہ خالی آسامیاں جو مشتہری کی گئی ہیں پر کی جائے گی۔ نیز آسامیوں میں کمی بیشی کا اختیار محکمہ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے پاس ہوگا۔ (12) 5% (پانچ فیصد) معذور اور 5% (پانچ فیصد) اقلیتی کوٹہ حکومتی قوانین کے مطابق ضلع وار عہدہ وار (میل / فیمیل علیحدہ علیحدہ) آسامیوں کے مطابق مختص ہیں۔ محکمہ تعلیم اور حکومت بلوچستان کی سائٹ www.emis.gob.pk اور www.balochistan.gov.pk پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ (13) سلیکشن کی صورت میں امیدوار کو ضلعی سلیکشن کمیٹی کے مطابق متعلقہ تعلیمی اداروں کے تصدیق شدہ اسناد کی چار (04) کاپیاں اور ایک حلفیہ بیان کہ اس کے تعلیمی / دیگر اسناد و کاغذات بوگس، ٹیمپرڈ، (HEC) سے غیر منظور شدہ ادارہ سے ہونے کی صورت میں نااہل تصور ہوگا۔ اور اسکی ملازمت بلا کسی نوٹس کے کسی بھی وقت برخاست کی جاسکے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اور اسکے خلاف قانونی کارروائی کی جائیگی۔ (14) یہ میرٹ لسٹ صرف ایک مرتبہ ریکروٹمنٹ کیلئے موثر ہوگی۔ (15) شادی شدہ خواتین امیدوار صرف اپنے خاوند کے لوکل / ڈومسائل کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کی اہل ہونگی۔ شادی شدہ خواتین امیدواروں کی درخواست والد کے لوکل / ڈومسائل پر کسی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔ خاوند کے لوکل / ڈومسائل میں نام درج نہ ہونے کی صورت میں NADRA کا جاری شدہ کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ / شوہر کے نام سے منسوب شناختی کارڈ منسلک کرنا ہوگا۔ ورنہ غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت نااہل تصور ہوگی۔ (16) امیدوار کی سکونت کا تعین (اول) اسکے لوکل / ڈومسائل سرٹیفکیٹ کے ایڈریس (دوئم) CNIC پر درج مستقل پتہ کی بنیاد پر کیا جائیگا۔ (17) محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کسی ایک یا تمام آسامیوں پر منظوری یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

یونین کونسلوں کے سطح پر آسامیوں کی تفصیل درج ذیل ھیں

Sr.NO	UC	EST M	EST F	JET M	JET F	JET-T M	JET-T F	JAT M	JAT F	JDM M	JDM F	PET M	PET F	ECE TEACHER M	ECE TEACHER F	JVT M	JVT F	MQ M	MQ F	Total M	Total F
1	No.04	-	-	-	-	-	-	-	-	01	-	-	-	01	-	04	-	-	-	06	-
2	No.33	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	02	-	-	-	02	-
3	No.41	-	-	01	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	02	02	-	-	03	02
4	No.39	-	-	01	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	01	-	-	-	02	-
5	No.05	01	-	-	-	01	-	01	-	01	-	-	-	-	01	02	02	-	-	06	03
6	No.38	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	01	01	-	-	01	01
7	No.02	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	01	-	-	-	01
8	No.22	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	01	-	-	-	01
9	No.16	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	01	-	-	-	01
10	No.17	-	-	-	02	-	-	-	01	-	-	-	-	-	-	-	-	-	01	-	04
11	No.23	-	-	-	01	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	01	-	-	-	02
12	No.08	-	-	01	-	-	-	-	-	01	-	-	01	-	-	-	02	-	-	02	03
13	No.25	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	01	-	-	-	01
14	MC	-	-	-	02	-	-	-	01	02	-	01	-	-	-	-	-	-	-	03	03
TOTAL		01	-	03	05	01	-	01	02	05	-	01	01	01	01	12	12	-	01	25	22

شمار	کوٹہ	EST (B-15) میل	EST (B-15) فیمیل	JET (B-15) میل	JET (B-15) فیمیل	JET-T (B-15) میل	JET-T (B-15) فیمیل	JAT (B-15) میل	JAT (B-15) فیمیل	PET (B-15) میل	PET (B-15) فیمیل	JDM (B-15) میل	JDM (B-15) فیمیل	JVT (B-14) میل	JVT (B-14) فیمیل	MQ (B-14) میل	MQ (B-14) فیمیل	ٹوٹل
1	معذور کوٹہ	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	01	01	-	-	02
2	اقلیت کوٹہ	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	01	01	-	-	02

Ranking Criteria or Weightage Formula for the post and preparation of final merit list

Merit	Marks
Weightage of prescribed Academic Qualification **Note:** **Marks of the eligible candidates shall be concluded as follows:** (i) Matriculation = 33% (ii) Intermediate = 33% (iii) Graduation (Bachelor's Degree) = 34%	100%
Total Merit Marks	100%

بنیادی اہلیت کیلئے امیدواروں کو مجموعی طور پر 50% مارکس حاصل کرنا درکار ہونگے۔ 50% فیصد یا زائد مارکس حاصل کرنیوالے امیدوار فائنل میرٹ میں شامل کیے جائینگے۔ BS / ADE B. Ed / (Education)(Hons) ڈگری اکیڈمک اور پروفیشنل دونوں تصور کیے جائینگے۔ عارضی تعیناتیوں کو جلد از جلد پر کرنے اور میرٹ کو یقینی بنانے کیلئے کوئی ٹیسٹ اور انٹرویو نہیں لیا جائیگا۔ یہ عارضی تعیناتی 18 ماہ کیلئے ہوگی۔ 18 ماہ بعد بہتر کارکردگی کی بنیاد پر کنٹریکٹ کی مدت بڑھائی جاسکتی ہے۔ مذکورہ بالا تعیناتیوں کا جائے تعیناتی سے کسی دوسری جگہ منتقلی (ٹرانسفر) نہیں ہو سکے گا۔ امیدوار کیلئے مطلوبہ پیشہ ورانہ تعلیمی قوائف کا حامل ہونا لازمی ہے۔ تاہم جن مخصوص اسکولوں / یونین کونسل / علاقوں میں پروفیشنل ڈگری رکھنے والے امیدواران دستیاب نہ ہوں تو وہاں دوسرے امیدواران کو زیر غور لائے جائینگے۔ **درخواست دینے کا طریقہ کار:** (1) تمام خواہشمند امیدواران اپنی درخواست بمعہ تعلیمی اسناد / کاغذات متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے دفتر میں جمع کروائیں گے (2) سرکاری و نیم سرکاری، خودمختار ادارے سے وابستہ ملازمین محکمانہ توسط سے درخواست ارسال کریں (3) کوئی بھی فارم آخری تاریخ گزرنے کے بعد قابل قبول نہ ہوگی اور نہ ہی ادارہ دیر سے جمع ہونے والے فارم کا ذمہ دار ہوگا۔ درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ 12 اگست 2025 ھے۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چمن

PRQ No208/21-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

شاہین اور ٹائیگرز آج دوسرے ٹی ٹوئنٹی میں آمنے سامنے ہونگے

میزبان ٹیم بنگلہ دیش کو مہمان پاکستان کے خلاف سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہے، پاکستانی ٹیم آج سیریز میں رہنے کیلئے سر توڑ کوشش کرے گی

ایشین انڈر 16 والی بال چیمپئن ٹیم کا وطن واپسی پر شاندار استقبال

ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا کے درمیان پہلے ٹی 20 میچ میں ویسٹ انڈیز بیٹر شاٹ کھیل رہے ہیں

...گفتگو کر رہے ہیں۔ جس پر بھارتی انتہا پسندوں نے شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے اور اب ویڈیو پر شدید تنقید کی جا رہی ہے۔ یہ تصویر ایسے وقت میں سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ہے جب لندن میں ورلڈ چیمپئنز شپ آف لیجنڈز کا میچ پاکستان بھارت کشیدگی کی نذر ہوگیا اور برمنگھم میں دونوں ٹیموں کے درمیان شیڈول میچ منسوخ کر دیا گیا۔

پاکستانی کوہ پیما شاہ دولت بغیر مصنوعی آکسیجن کے 8080 میٹر بلند گیشر برم ون کی چوٹی پر پہنچ کر قومی پرچم لہرا رہے ہیں

پاکستانی کوہ پیما شاہ دولت نے گیشر برم ون چوٹی سر کرلی

کوہ پیما شاہ دولت نے 8080 میٹر بلند گیشر برم ون مصنوعی آکسیجن کے بغیر سر کی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی کوہ پیما شاہ دولت نے 8080 میٹر بلند گیشر برم ون مصنوعی آکسیجن کے بغیر سر کرلی۔ شاہ دولت نے مصنوعی آکسیجن استعمال کیے بغیر 8080 میٹر بلند گیشر برم ون چوٹی کو سر کیا ہے۔ گلگت سے تعلق رکھنے والے شاہ دولت گیشر برم ون کے بعد براڈ پیک سر کرنے کی پیش قدمی شروع کریں گے۔ واضح رہے کہ شاہ دولت اس سے قبل کے ٹو، ناننگا پربت اور گیشر برم ٹو بھی سر کرچکے ہیں۔

مائیک ہیسن نے میرپور پچ کو بین الاقوامی کرکٹ کیلئے ناقابل قبول قرار دیدیا

آئی پی ایل اور پی ایس ایل ٹیموں کے آمنے سامنے آنے کا امکان

یوئیفا ویمنز یورو 2025 کے کوارٹر فائنل میں جرمنی کی گول کیپر کیتھرین جرمنی کے خلاف گول بچانے کی ناکام کوشش کررہی ہیں

انگلینڈ کیخلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل بھارتی ٹیم کو فٹنس مسائل نے گھیر لیا

...مجبور کردیا ہے۔ رشبھ پنت وکٹ کیپنگ نہیں کرپائیں گے کیونکہ وہ لارڈز کی پہلی اننگز میں ہاتھ زخمی کرا بیٹھے تھے لیکن اب وہ بطور بیٹر کھیلیں گے، دھرو جوریل کو کرون نائر کی جگہ ملے گی، نائر نے 3 ٹیسٹ میں صرف 131 رنز بنائے ہیں جبکہ جوریل نے انگلینڈ لائنز کے خلاف 2 میچز میں 227 رنز (اوسط 75.67) بنائے تھے۔

لیونل میسی کا نیا کارنامہ بغیر پنالٹی گولز میں رونالڈو کو پیچھے چھوڑ دیا

میسی نے انٹر میامی کی جانب سے نیویارک ریڈ بلز کے خلاف 1-5 کی شاندار فتح میں 2 گول اسکور کرکے ایک نیا سنگ میل عبور کرلیا

بغیر پنالٹی میسی نے 764 گول کیے جبکہ کرسٹیانو رونالڈو نے 763 گول کیے، اس طرح میسی بغیر پنالٹی گولز کی دوڑ میں رونالڈو سے آگے ہیں

نیویارک (این این آئی) اسٹار فٹبالر لیونل میسی نے ایک اہم کارنامہ انجام دیتے ہوئے بغیر پنالٹی گولز میں کرسٹیانو رونالڈو کو پیچھے چھوڑ دیا۔ ارجنٹینا کے لیجنڈری فٹبالر لیونل میسی نے انٹر میامی کی جانب سے نیویارک ریڈ بلز کے خلاف 1-5 کی شاندار فتح میں 2 گول اسکور کرکے ایک نیا سنگ میل عبور کرلیا۔ اب بغیر پنالٹی میسی کے گولز کی تعداد 764 ہوگئی ہے جبکہ کرسٹیانو رونالڈو کے ایسے گولز کی تعداد 763 ہے، اس طرح میسی بغیر پنالٹی گولز کی دوڑ میں رونالڈو سے آگے نکل گئے۔ یہ اعداد و شمار صرف آفیشل میچز میں کیے گئے گولز کو شامل کرتے ہیں اور پینالٹیز کو خارج کرتے ہیں، اس کو خاص طور پر اس لیے اہم سمجھا جاتا ہے کہ یہ کھیل میں کھلاڑی کی تکنیکی مہارت، پوزیشننگ اور فیصلہ سازی کو ظاہر کرتا ہے۔ میسی نے زیادہ تر گولز بارسلونا کی جانب سے کھیلتے ہوئے کیے، انہوں نے ہسپانوی کلب کی 2004 سے 2021 تک نمائندگی کی تھی۔ رونالڈو نے اب تک 880 سے زائد گولز کیے ہیں تاہم ان کے میچز کی تعداد بھی میسی سے زیادہ ہے، رونالڈو نے 150 سے زیادہ پنالٹی گولز کیے ہیں، جو ان کے ٹوٹل میں بڑا کردار ادا کرتے ہیں۔

بنگلا دیش کیخلاف پہلا ٹی 20، قومی ٹیم نے 2 ناپسندیدہ ریکارڈ بنا لیے

پاکستانی بیٹنگ لائن بری طرح ناکام، پاکستانی ٹیم نے بنگلا دیش کے خلاف سب سے کم ٹوٹل کیا

ڈھاکہ (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم نے بنگلا دیش کے خلاف پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں 2 ناپسندیدہ ریکارڈ بنا لیے۔ میرپور میں کھیلے گئے 3 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کے پہلے میچ میں میزبان بنگلا دیش نے پاکستان کو 7 وکٹ سے شکست دی۔ بنگلا دیش کے خلاف پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے پاکستانی بیٹنگ لائن بری طرح ناکام ہوئی اور پوری ٹیم 110 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ یہ پاکستان ٹیم کا بنگلا دیش کے خلاف ٹی ٹوئنٹی میں اب تک کا سب سے کم ٹوٹل ہے۔

سہ فریقی ٹی 20 سیریز، جنوبی افریقہ نے زمبابوے کو 7 وکٹوں سے شکست دیدی

زمبابوے کے 144 کا ٹارگٹ پروٹیز نے 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا

ہرارے (این این آئی) سہ فریقی ٹی 20 سیریز کے چوتھے میچ میں جنوبی افریقہ نے زمبابوے کو 7 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا جہاں اس کا مقابلہ 26 جولائی کو نیوزی لینڈ سے ہوگا۔ اتوار کو ہرارے سپورٹس کلب میں کھیلے گئے میچ میں میزبان ٹیم زمبابوے نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 144 رنز بنائے۔ برائن بینیٹ نے 61 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ رائن برل نے 36 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے۔ جنوبی افریقہ کی جانب سے کوربن بوش نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں جنوبی افریقہ نے مطلوبہ ہدف 17.2 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔

آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ کے سنسنی خیز مقابلے جاری

سپارٹنگ سوات نے بلوچستان لیویز کو 1-5 سے شکست دے دی

ملک بھر سے آئے ہوئے کھلاڑی بلوچستان کے عوام کی مہمان نوازی خوش دکھائی دیتے ہیں، سیکرٹری کھیل

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ کے سنسنی خیز مقابلے جاری ایوب اسپورٹس کمپلیکس اور قوم پایا فٹبال گراؤنڈ مری آباد میں تین دلچسپ میچز کھیلے گئے پہلے میچ میں سپارٹنگ سوات نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے بلوچستان لیویز کو ایک کے مقابلے میں پانچ گول سے شکست دی دوسرے میچ میں افغان کلب چمن نے وزیرستان واناٹ فٹبال کلب کو ایک کے مقابلے تین گول سے ہرادیا۔ قوم پایا گراؤنڈ میں کھیلا جانے والا میچ مسلم کلب چمن اور ایف جی یونائیٹڈ کوئٹہ کے درمیان دلچسپ اور سنسنی خیز رہا، جو 2-2 گول سے برابر رہا۔ اس موقع پر سیکرٹری کھیل دوستین کا کہنا تھا کہ ملک بھر آئے ہوئے کھلاڑیوں اور آفیشلز کو تمام سہولیات فراہم کی جارہی ہیں میگا ایونٹ سے بلوچستان کا مثبت پیغام نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا میں جائے گا کہ بلوچستان کے عوام کھیلوں کتنا پیار کرتے ہیں بڑی تعداد میں تماشائی بھی میچ دیکھنے آتے ہیں کھلاڑیوں کو بھرپور داد دیتے ہیں خصوصاً ملک بھر سے آئے ہوئے کھلاڑی بلوچستان کے عوام کی مہمان نوازی خوش دکھائی دیتے ہیں

پاکستان شاہینز (آج) سے دورہ انگلینڈ کا آغاز کرینگے

پہلا ون ڈے میچ پروفیشنل کاؤنٹی کلب سلیکٹ الیون کے خلاف بیکنہم میں ہوگا

لندن (این این آئی) پاکستان شاہینز (آج) منگل سے دورہ انگلینڈ کا آغاز کرینگے، پہلا ون ڈے میچ پروفیشنل کاؤنٹی کلب سلیکٹ الیون کے خلاف بیکنہم میں ہوگا۔ دوسرا ون ڈے 25 جولائی کو بیکنہم میں شیڈول ہے، تیسرا ون ڈے 27 جولائی کو ہوو میں کھیلا جائے گا۔ ون ڈے سیریز کے بعد دو تین روزہ میچز بھی ہوں گے، پہلا تین روزہ میچ 29 سے 31 جولائی تک ہوو میں ہوگا۔

سابق پاکستانی کرکٹر کے بیٹے نے انگلینڈ میں ہیٹ ٹرک کرلی، نئی تاریخ رقم

انگلینڈ کے ٹیسٹ اسپنر ریحان احمد کے چھوٹے بھائی 17 سالہ آف اسپنر فرحان احمد کی پہلی ٹی ٹوئنٹی ہیٹ ٹرک، پانچ وکٹیں لیں

لندن (این این آئی) پاکستان کے سابق کرکٹر کے بیٹے اور موجودہ انگلینڈ ٹیم کے اسپنر ریحان احمد کے بھائی نے بھی دھوم مچا دی۔ نوجوان اسپنر فرحان احمد نے انگلینڈ کی ڈومیسٹک کرکٹ میں تاریخ رقم کردی۔ انگلینڈ کے ٹیسٹ اسپنر ریحان احمد کے چھوٹے بھائی 17 سالہ آف اسپنر فرحان احمد نے ناٹنگھم شائر کی پہلی ٹی ٹوئنٹی ہیٹ ٹرک کی اور پانچ وکٹیں حاصل کیں۔

4 ارب مداحوں کیساتھ فٹبال دنیا کا سب سے مقبول کھیل قرار، رپورٹ

دوسرے نمبر پر دنیا بھر میں کرکٹ کے شائقین کی تعداد تقریباً 2.5 ارب ہے جبکہ تیسرے نمبر پر فیلڈ ہاکی کے تقریباً 2 ارب مداح ہیں

فٹ بال دنیا کے ہر کونے میں کھیلا اور دیکھا جاتا ہے کیونکہ کھیلوں میں سب سے سستا ترین کھیل بھی فٹ بال کو ہی قرار دیا گیا ہے

میونخ (مانیٹرنگ ڈیسک) 2025 میں سب سے زیادہ شائقین اور ناظرین رکھنے والے کھیلوں کی فہرست سامنے آ گئی۔ حالیہ عالمی رپورٹ کے مطابق ان کھیلوں نے دنیا بھر میں ثقافت، جذبات اور تفریح کو جوڑنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ تقریباً 4 ارب مداحوں کے ساتھ فٹبال دنیا کا سب سے مقبول کھیل ہے۔ یہ کھیل دنیا کے ہر کونے میں کھیلا اور دیکھا جاتا ہے۔ فیفا ورلڈ کپ اور یوفا چیمپئنز لیگ جیسے ایونٹس اربوں ناظرین کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ دنیا بھر میں کرکٹ کے شائقین کی تعداد تقریباً 2.5 ارب ہے۔ یہ کھیل خاص طور پر بھارت، پاکستان، انگلینڈ، آسٹریلیا، جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز میں مقبول ہے۔ آئی سی سی ورلڈ کپ، پی ایس ایل اور آئی پی ایل جیسے مقابلے اس کی مقبولیت کو مزید بڑھاتے ہیں۔ فیلڈ ہاکی کے تقریباً 2 ارب مداح ہیں۔ بھارت، پاکستان، نیدرلینڈز اور آسٹریلیا میں یہ کھیل قومی سطح پر فخر کا باعث سمجھا جاتا ہے۔ یہ اولمپکس کا حصہ بھی ہے اور عالمی ٹورنامنٹس کے ذریعے شائقین کی توجہ حاصل کرتا ہے۔ ٹینس کو دنیا بھر میں تقریباً 1 ارب افراد فالو کرتے ہیں۔ ومبلڈن، یو ایس اوپن، فرنچ اوپن اور آسٹریلین اوپن جیسے بڑے مقابلے ٹینس کو عالمی سطح پر توجہ کا مرکز بناتے ہیں۔ والی بال کے شائقین کی تعداد تقریباً 900 ملین ہے۔ برازیل، روس، امریکہ، جاپان اور اٹلی سمیت کئی ممالک میں یہ کھیل بے حد مقبول ہے۔ یہ کھیل انڈور اور بیچ دونوں صورتوں میں کھیلا جاتا ہے۔ ٹیبل ٹینس جسے عام طور پر پنگ پونگ بھی کہا جاتا ہے، دنیا بھر میں 875 ملین افراد کے درمیان مقبول ہے۔ یہ کھیل چین، جنوبی کوریا، اور یورپ کے مختلف حصوں میں اسکولوں اور کلبوں میں وسیع پیمانے پر کھیلا جاتا ہے۔

ورلڈ چیمپئنز لیگ میں پاک بھارت میچ منسوخ کرنے پر انتظامیہ کی معذرت

پاکستانی ٹیم اور فینز کے جذبات کو ٹھیس پہنچی، معذرت خواہ ہیں، انتظامیہ

لندن (آئی این پی) ورلڈ چیمپئنز لیگ میں پاک بھارت میچ منسوخ کرنے پر ٹورنامنٹ انتظامیہ نے پاکستانی ٹیم اور مداحوں سے معافی مانگ لی۔ ورلڈ چیمپئنز لیگ میں بھارتی کھلاڑیوں کی جانب سے پاکستان کے ساتھ کھیلنے سے انکار کے بعد اتوار کو ہونے والا میچ منسوخ کردیا گیا تھا، ورلڈ چیمپئنز لیگ انتظامیہ نے پاک بھارت میچ کینسل کرنے پر معذرت کرتے ہوئے پاکستان چیمپئنز ٹیم اور مداحوں سے معافی مانگ لی۔ ڈبلیو سی ایل انتظامیہ کا کہنا ہے کہ میچ منسوخی سے پاکستانی فینز اور پاکستان چیمپئنز کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے، مداحوں کی جانب سے ہم سپورٹ کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انتظامیہ ورلڈ چیمپئنز لیگ نے مزید کہا کہ ہم تمام کرکٹ فینز کیلئے کامیاب ٹورنامنٹ کیلئے پرعزم ہیں۔ واضح رہے کہ ڈبلیو سی ایل نے اتوار کو پاک بھارت میچ منسوخ ہونے پر کرکٹ لورز کو میچ کی فیس واپس کرنے کا اعلان کیا تھا۔

زوالفقار علی بھٹو شہید اور محترمہ بے نظیر بھٹو کے فلسفے کو سمجھنا ہوگا، بلند جوگیزئی

سیاسی جدوجہد شہادت جیسی لازوال قربانی کو تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

لورالائی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق ٹکٹ ہولڈر سردار سربلند خان جوگیزئی نے لورالائی کے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی پی پی سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو شہید اور محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے فلسفے کو سمجھنا ہوگا انکے مشن پر کاربند رہتے ہوئے پارٹی اپنے اصل منزل تک پہنچنے میں ضرور کامیابی حاصل کریگی انکے سیاسی جدوجہد شہادت جیسے لازوال قربانی اور انکی ملک میں جمہوریت آئین و قانون کی بالادستی سمیت عوام کے بنیادی حقوق کیلئے جدوجہد کو تاریخ ہمیشہ یاد رکھی جائے انہوں نے کہا کہ ہماری پارٹی شہیدوں کی پارٹی ہے شہید رانی بے نظیر اور ذوالفقار علی بھٹو شہید نے اپنے عمل اور قربانیوں سے ثابت کیا کہ وہ عظیم رہنما تھے اور انہوں نے اپنی ذات سے بالاتر ہو کر عوام کی فلاح و بہبود اور ملک کی سلامتی کو مقدم رکھا ان کا ہر لفظ اور ہر اقدام پاکستان کے عوام کے لیے رہنمائی فراہم کرتی ہے ان کی جدوجہد کا محور ہمیشہ وہ طبقات رہے جو معاشرے میں نظر انداز کیے جاتے رہے انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو کا عزم ملک کی بقا اور سلامتی کیلئے زیادہ اہمیت رکھتی ہے کہ ان کے کردار کی مضبوطی اور ان کے بلند نظریے کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری نے اپنی سیاسی زندگی میں نہ صرف سیاسی میدان میں مشکلات کا سامنا کیا بلکہ اپنی نصف زندگی کا حصہ جیل میں گزار کر یہ ثابت کیا کہ وہ اپنے ملک اور عوام کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا ان کی سوچ غریب عوام کی زندگی میں بہتری لانا اولین ترجیح ہے۔ آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور کا بنیادی حصہ ہے پارٹی کی قیادت، بلاول بھٹو زرداری کی سربراہی میں انہی اصولوں کو آگے بڑھا رہی ہے اور ملک کے غریب طبقے کو خوشحال بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہے ہیں

صوبائی وزیر طارق خان مگسی کا اسکیپ کینال پر جاری کام کا دورہ

محکمہ آبپاشی کی جانب سے کینال کے ترقیاتی کاموں پر بریفنگ دی گئی

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی نے اسکیپ کینال پر جاری کام کا دورہ کیا جہاں پر صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی کو جھل مگسی محکمہ آبپاشی کی جانب سے اسکیپ کینال کے ترقیاتی کاموں کی بریفنگ دی گئی محکمہ آبپاشی جھل مگسی کے ایگزیکٹو انجینئر محمد یار مگسی ایس ڈی او جھل مگسی شفیع محمد ہنگورئی نے بتایا کہ اس منصوبے کا مقصد نہری پانی کے اضافی بہاؤ کو کنٹرول اور سیلابی صورتحال میں زرعی زمینوں اور آبادی کو ممکنہ نقصان سے بچانا ہے آفیسران نے بتایا کہ اسکیپ کینال کی تعمیر سے نہ صرف زمین کو پانی نقصان سے بچایا جاسکے گا بلکہ مقامی کاشتکاروں کو بھی فائدہ ہوگا جدید مشنری سے کھدائی کا کام تیزی سے جاری ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ آبپاشی تمام تر ترقیاتی کاموں کو شفافیت اور معیار کے ساتھ مکمل کرنے کیلئے پرعزم ہیں اس موقع پر نوابزادہ طارق خان مگسی کے پرسنل سیکرٹری ممتاز علی مگسی منشی سردار علی مگسی محکمہ ایریگیشن کا عملہ بھی موجود تھے

پنجگور میں بدامنی کے خلاف انجمن تاجران کا شٹر ڈاؤن، کاروبار ٹھپ

عوام مشکلات کا شکار، امن نہ ہوا تو روزگار بھی نہیں ہوگا، تاجروں کا اعلان

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں بڑھتی ہوئی بدامنی، چوری، ڈکیتی، قتل، بھتہ خوری اور پولیس و انتظامیہ کی مسلسل خاموشی کے خلاف انجمن تاجران پنجگور کی کال پر غیر معینہ مدت کے لیے شٹر ڈاؤن ہڑتال جاری ہے۔ تمام کاروباری مراکز، مارکیٹیں، دکانیں، ہوٹل اور مالیاتی ادارے مکمل بند ہیں جبکہ بازاروں میں ہو کا عالم ہے اور ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوئی ہے۔ تاجروں نے واضح کیا ہے کہ جب تک امن وامان کے حوالے سے انتظامیہ کی جانب سے واضح اور عملی اقدامات نہیں کیے جاتے، ہڑتال جاری رہے گی۔ انجمن تاجران کے صدر فرید بلوچ کا کہنا تھا کہ "اگر امن نہیں ہوگا تو کاروبار بھی ممکن نہیں۔ ہم سالوں کی کمائی مسلح افراد کے ہاتھوں گن پوائنٹ پر لٹتے دیکھ رہے ہیں اور پولیس تماشائی بنی ہوئی ہے۔" انہوں نے بتایا کہ چوروں کے خلاف ایف آئی آر درج ہونے اور مکمل لوکیشن موجود ہونے کے باوجود کوئی گرفتاری عمل میں نہیں لائی گئی۔ تاجروں اور شہریوں میں شدید غم و غصہ پایا جارہا ہے۔ انجمن تاجران اور مختلف بازار یونینز کے باہمی مشورے سے فیصلہ کیا گیا ہے کہ منگل 22 جولائی کو بھی شٹر ڈاؤن ہڑتال غیر معینہ مدت تک جاری رہے گی۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ پولیس اور انتظامیہ کی ناکامی کی ذمہ داری انہی پر عائد ہوتی ہے۔ روز بروز بڑھتی وارداتوں نے تاجر برادری کو مجبور کردیا ہے کہ وہ اپنے تحفظ کے لیے کاروبار بند کریں۔

تحصیل گدر بدانتظامی کا شکار، ضلعی انتظامیہ کی خاموشی

گدر (آن لائن) تحصیل گدر اس وقت بدترین انتظامی کا شکار ہے ضلعی انتظامیہ کی خاموشی کے باعث عوام مہنگائی، منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کی بھٹی میں جھلس رہے ہیں اور روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں، لیکن پرائس کنٹرول کا نہ کوئی نگرانی ہے نہ کوئی بہتر حکمت عملی ہے جبکہ گراں فروشی معمول بن چکی ہے یعنی گدر بازار میں چیک اینڈ بیلنس کا کوئی نام و نشان تک نہیں پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے ریلیف کے دعوے صرف بیانات کی حد تک محدود ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ غریب اور متوسط طبقہ مہنگائی کے بوجھ تلے دم توڑ رہا ہے اور 200 روپے فی لیٹر دستیاب ایرانی پٹرول کو 230 روپے میں کھلے عام فروخت کیا جارہا ہے اور پٹرول مافیا دیدہ دلیری سے اپنا دھندہ چلا رہا ہے حیران کن بات یہ ہے کہ انتظامیہ اس معاملے میں آنکھیں بند کیے بیٹھے ہے

گھنٹہ گھر چوک پر ترقیاتی کاموں کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا

اوستہ محمد (آئی این پی) میر میونسپل کارپوریشن استہ محمد میر مظفر خان جمالی کی زیر نگرانی کونسل کی منظور اسکیم کے تحت گھنٹہ گھر چوک پر ترقیاتی کاموں کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس ترقیاتی منصوبے کا مقصد شہر کے اہم اور مصروف ترین چوک کی خوبصورتی، کشادگی اور عوامی سہولیات میں اضافہ کرنا ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی میئر استا محمد حاجی خان پالال نے گھنٹہ گھر چوک کا دورہ کرکے جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیل سے معائنہ کیا، کام کے معیار اور رفتار کا جائزہ لیا اور متعلقہ ٹھیکیدار اور میونسپل عملے کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ شہری علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا، شہری خوبصورتی میں اضافہ کرنا اور ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانا ہے۔ ڈپٹی میئر نے کہا کہ میئر میر مظفر خان جمالی کی قیادت میں میونسپل کارپوریشن شہر بھر کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہے

صادق سنجرانی کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈے کی مذمت کرتے ہیں، ونیش کمار

مقبولیت اور خدمت کی سیاست سے مخالفین سخت بوکھلاہٹ اور خوف کا شکار ہیں، سینیٹر

نصیرآباد (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر دنیش کمار پلیانی نے سابق چیئرمین سینیٹ و پارٹی کے اہم رہنما میر صادق سنجرانی کے خلاف سوشل میڈیا پر جاری بے بنیاد، گمراہ کن اور جھوٹ پر مبنی پروپیگنڈے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ میر صادق سنجرانی کی مقبولیت اور خدمت کی سیاست سے مخالفین سخت بوکھلاہٹ اور خوف کا شکار ہیں، اسی لیے ان کے خلاف جھوٹی اور من گھڑت خبریں چلا کر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ سینیٹر دنیش کمار نے کہا کہ میر صادق سنجرانی نے ہمیشہ اصولوں کی سیاست کی ہے اور ہر موقع پر وفاق میں بلوچستان کے حقوق کی بھرپور وکالت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے کارکن اپنے قائدین کی عزت اور حرمت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے سینیٹر دنیش کمار پلیانی کا مزید کہنا تھا کہ بلوچستان عوامی پارٹی متحد اور منظم ہے، پارٹی کارکنان اور رہنما جانتے ہیں کہ اس طرح کی جھوٹی خبروں اور پروپیگنڈے کا کس طرح مقابلہ کرنا ہے۔ سینیٹر دنیش کمار نے واضح کیا کہ مخالفین جو بھی حربے استعمال کریں، بلوچستان عوامی پارٹی ہر محاذ پر اپنے رہنماؤں کا دفاع کرے گی اور عوام کو حقائق سے آگاہ کرتی رہے گی۔

نظریاتی کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی اجازت نہیں دیں گے، قاسم لہڑی

کارکنوں کے مسائل حل کرنے کے لیے نعیم کریم کو وزیراعظم کا مشیر بنایا جائے

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ بلوچستان کے نظریاتی کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے کارکنوں کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کرنے کے لیے فوری طور پر نعیم کریم کو وزیراعظم کا مشیر بنایا جائے مسلم لیگ کے نظریاتی کارکنوں نے مشکل وقت میں پارٹی پیغام کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کی ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ کے رہنما معروف قبائلی شخصیت قاسم لہڑی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ چوہدری نعیم کریم پاکستان مسلم لیگ کے نظریاتی مخلص کارکن ہیں انہی کی کاوشوں اور محنت سے مشکل دور سے لے کر آج تک مسلم لیگ بلوچستان میں فعال و منظم ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ جب بھی پاکستان مسلم لیگ اقتدار میں آتی ہے تو پارٹی کے نظریاتی مخلص کارکنان نظرانداز ہو جاتے ہیں پاکستان مسلم لیگ کے منتخب عوامی نمائندے اور صوبائی وزراء پارٹی کو بلوچستان میں مزید فعال و منظم کرنے کے لیے نظریاتی کارکنوں کی حوصلہ افزائی کریں اور ان کے جائز مسائل کے حل کے لیے کردار ادا کریں قاسم لہڑی نے مزید کہا کہ قائد عوام سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور پنجاب کے وزیراعلیٰ مریم نواز سے اپیل کرتے ہیں کہ پارٹی کے کارکنوں کے مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کرنے کے لیے نعیم کریم کو وزیراعظم کا مشیر بنایا جائے

جہاں زیب عطاری کی والدہ کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی جاری

سیاسی، سماجی، مذہبی و صحافتی شخصیات کی شرکت، مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت

اوتھل (یو این اے) میڈیا ڈپارٹمنٹ آف دعوت اسلامی قلات ڈویژن کے ذمہ دار اور ارمانل پریس کلب اوتھل کے پریس سیکرٹری جہاں زیب عطاری کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر تیسرے روز بھی تعزیت و فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری رہا۔ اس موقع پر ضلعی وائس چیئرمین چیف ٹرائیبل سردار فاروق شیخ، ڈسٹرکٹ چیئرمین سردار عبدالرشید بھوتانی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لسبیلہ حاجی نوید ہاشمی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل اطہر قریشی، اوایس ڈی منیر بلوچ، علماء کرام مولانا محمد اکرم عطاری مدنی، مولانا عبدالرزاق عطاری، مولانا علی اکبر عطاری مدنی، مولانا محمد ابراہیم عطاری مدنی، صحافی نصیر احمد لنگاہ، قاضی یاسر، وڈیرہ حسین جاموٹ، وندر پریس کلب کے صدر عبداللہ ابراہیم، سونمیانی پریس کے صدر زبیر بلوچ، ارمانل پریس کلب کے صدر رفیق مہم، جنرل سیکرٹری احمد علی جاموٹ، پیر بخش شیخ، سٹی پریس کلب کے صدر عبدالغنی سومرو، حنیف چنا، حفیظ غالب، منیر بلوچ اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ تمام شرکا نے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی۔

خضدار ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر میں تین ماہ کے کورس کے لئے داخلہ جاری

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر میں خواتین کے لئے کمپیوٹر آفس آٹومیشن میں تین ماہ کا کورس کے لئے مفت داخلہ جاری ہے خواہشمند خواتین دفتری اوقات میں داخلہ کے لئے فارم دفتر سے وصول کر کے جمع کر سکتی ہیں داخلہ فارم قزاق کراس چاکر خان روڈ خضدار ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر سے دفتری اوقات کار میں حاصل کریں فارم کے ساتھ میٹرک، شناختی کارڈ، لوکل کے تین تین کاپی اور تین عدد پاسپورٹ سائز تصویر لگانا لازمی ہے فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 25 جولائی ہے مزید معلومات کے لئے ایڈمن آفس سے رابطہ کریں۔

میر شعیب نوشیروانی کو کامیاب کھلی کچہری کے انعقاد پر مبارکباد

خاران (نمائندہ خصوصی) جمعیت علمائے اسلام کے رہنما مولانا الطاف حسین رند نے کہا کہ صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب جان نوشیروانی کی خاران کے حالیہ دورے، عوامی مسائل کو بغور سننے، ان کے فوری حل کے اقدامات اور کامیاب کھلی کچہری کے انعقاد پر ان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، اس سے پہلے خاران کے لئے ان کے والد خادم خاران میر عبدالکریم نوشیروانی کی خدمات بھی کھلی کتاب کی طرح ہیں، انہوں نے کہا کہ میر شعیب جان نوشیروانی کے ترقیاتی منصوبوں کے معائنے اور عوامی فلاح و بہبود کے جذبے سے کیے گئے عملی اقدامات قابل ستائش ہیں، ایسے اقدامات نہ صرف عوام کے مسائل کے فوری حل میں مددگار ثابت ہوتے ہیں

مربوط حکمت عملی کے تحت، بحران سے نمٹنے کے لیے اقدامات کریں، ڈپٹی کمشنر

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن نے ضلع میں جاری پانی کی سنگین صورتحال کے پیش نظر ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بریگیڈیئر احتشام، چیئرمین میونسپل کمیٹی گوادر ماجد جوہر، انجینئر طارق ٹی (محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ)، جی ڈی اے، ایریگیشن اور دیگر اداروں کے نمائندگان شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران پانی کی قلت، بجلی کی ترسیل میں درپیش مسائل، لوڈ شیڈنگ اور اس کے اثرات، نیز ایریگیشن اور جی ڈی اے کے کردار پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے پانی کی سپلائی کے موجودہ نظام کا جائزہ بھی لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے جی ڈی اے (GDA) کو ہدایت دی کہ وہ اپنے جنریٹرز اور موٹریں ہمہ وقت اسٹینڈ بائی رکھیں تاکہ ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل دیا جاسکے۔

چوٹا گوٹھ کی بارانی ندی جھاڑیوں سے گھری، اریگیشن حکام خاموش

ندی کی صفائی نہ کی گئی تو شدید بارشوں میں نقصان کا خدشہ ہے، عوامی مطالبہ

اوتھل (یو این اے) محکمہ اریگیشن کے آفیسران اپنے فرائض سے پوشی گزشتہ دنوں سوشل میڈیا اور پرنٹ میڈیا پر چلنے والی خبروں کا تاحال کوئی نوٹس نہیں لیا گیا محکمہ اریگیشن کے آفیسران تاحال خواب خرگوش کی نیند سے بیدار نہ ہو سکے چوٹا گوٹھ حاجی حسن گوٹھ اوتھل میں لاکھڑا روڈ کے ساتھ میں جانے والی بارانی پانی کی ندی کو خودرو جھاڑیوں نے چاروں طرف سے گھیر لیا ہے جسکی وجہ سے ندی بالکل سکڑ کر رہ گئی جس کی سوشل میڈیا اور پرنٹ میڈیا پر نشاندہی کرانے کے باوجود بارانی پانی کی ندی میں اگنے والی خودرو جھاڑیوں کو تاحال صاف نہیں کیا گیا واضح رہے اسی بارانی پانی کی ندی میں 2022 میں آنے والے سیلابی ریلے سے گورنمنٹ گرلز اسکول چوٹا گوٹھ کی چار دیواری کو کافی نقصان پہنچا تھا محکمہ موسمیات نے امسال بھی شدید بارشوں کی پیشگوئی کی ہے اگر مذکورہ ندی کی بروقت صفائی نہ کی گئی تو گوٹھ میں نقصانات کا خدشہ ہے اہل علاقہ نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ اور ڈسٹرکٹ چیئرمین لسبیلہ سردار عبدالرشید بھوتانی سے مطالبہ کیا ہے کہ اس ندی کو فوری صاف کرایا جائے تاکہ خدانخواستہ سیلابی ریلے آنے کی صورت میں علاقوں کو نقصان کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

اوستہ محمد، بدامنی کی لہر، ڈاکوؤں کے ہاتھوں ڈرائیور زخمی، شہریوں کا احتجاج

روزانہ کی وارداتیں، پولیس لاعلم، شہری عدم تحفظ کا شکار، ٹرک ڈرائیورز کی دہائی

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد میں بدامنی کے بڑھتے واقعات نے شہریوں کو عدم تحفظ میں مبتلا کردیا ہے۔ سٹی تھانہ کی حدود میں صبح جارچے کے قریب نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے ٹرک ڈرائیوروں کو یرغمال بنا کر شدید تشدد کا نشانہ بنایا، جس کے بعد ان سے نقدی اور موبائل فون چھین کر با آسانی فرار ہو گئے۔ متاثرہ ڈرائیوروں نے احتجاجاً اپنی گاڑیاں مین سڑک پر کھڑی کر کے گرمی خیرو اوستہ محمد روڈ بلاک کردی، جس سے ٹریفک معطل ہوگئی۔ بعدازاں پولیس نے موقع پر پہنچ کر کارروائی کی یقین دہانی کروائی، جس کے بعد احتجاج ختم کر دیا گیا۔ دوسری طرف، سٹی تھانہ کی حدود میں ہی گوٹھ غلام قادر مینگل کے رہائشی حبیب اللہ مینگل کو چیزل آباد کے مقام پر نامعلوم رہزنوں نے اسلحے کی زور پر لوٹ لیا۔ رہزنوں نے ان سے سی ڈی موٹر سائیکل، نقد رقم اور موبائل فون چھین لیا اور فرار ہو گئے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روزانہ تین سے چار وارداتیں معمول بن چکی ہیں لیکن پولیس کی لاعلمی اور خاموشی باعث تشویش ہے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اوستہ محمد میں امن و امان کے قیام کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

ہندو تاجر سے لاکھوں کی ڈکیتی پر گجر ایسوی ایشن کی مذمت

ہر طرف ڈاکو راج ہے، پولیس کی ناکامی پر سوالیہ نشان ہے، میر محمد گجر

بھاگ (یو این اے) آل پاکستان گجر ایسوسی ایشن کے صوبائی نائب صدر میر محمد گجر اور انفارمیشن سیکرٹری مولانا امیر بخش گجر نے اپنے مشرق کو بیان میں ڈیرہ مراد جمالی میں ہندو تاجر سے لاکھوں روپے لوٹنے کے واقعے کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ روز بروز چوری و ڈکیتی کی بڑھتی وارداتوں نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے، شہری، تاجر اور ٹرانسپورٹرز سمیت کوئی بھی محفوظ نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ پورے نصیرآباد ڈویژن میں چوری اور ڈکیتی معمول بن چکی ہے، شہری خوف کے سائے میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، جبکہ پولیس و انتظامیہ کی کارکردگی ایک بڑا سوالیہ نشان بن چکی ہے۔ میر محمد گجر نے کہا کہ ہندو برادری سمیت اقلیتی تاجر طبقہ ان وارداتوں کا خاص نشانہ بن چکا ہے، جو کہ باعث تشویش ہے۔ اقلیتی برادری پہلے ہی تحفظات کا شکار ہے اور موجودہ حالات نے ان کے عدم تحفظ میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ انہوں نے تاجر برادری سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا

VACANCY ANNOUNCEMENT
(On Temporary Basis)

Applicantions are invited from suitable and eligible candidates for appointment on **temporary basis for a period of one year in the Project: Khanni Cross to Ziarat and Ziarat to Sanjavi Road (KZS Road)**. The Following positions are available

S.No	Position Title	No of Posts	Required Qualification
1	Peon	1	Middle Pass
2	Chowkidar	1	Preferably Literate
3	Sweeper	1	Preferably Literate
4	Driver	1	Valid LTV License with 5 Year's Experience
5	Computer Operator	1	Bachelor's Degree with Diploma in IT/Computer Science
6	Chief Surveyor -cum - Quantity Surveyor (QS)	1	DAE (Civil) or Equivalent, Experience in Surveying Required 10 Year Experience
7	Surveyor Helper	1	Preferably Matric with Relevant Field Experience
8	Accounts Clerk	1	B.Com / BBA (Finance), Experience in Project Account Preferred

Terms & Conditions: All appointments shall be made **purely on temporary basis for one year**, extendable based on project requirements and satisfactory performance. Candidate must possess **local/domicile of Balochistan**. Incomplete applicants or those received after the due date shall not be entertained Only **Shortlisted candidates** will be called for test/interview. No **TA/DA** shall be admissible Interested candidates may submit their applications along with **attested copies of CNIC, Educational Certificates, Experience Certificates, and two passport-size photographs** to the undersigned within **15 days** of publication of this advertisement

Project Director
PMU-KZS Road Project

AB No.77/21-7-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

داخلہ برائے سال 2026

حکومت بلوچستان محکمہ سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی درج ذیل پروگراموں میں سال 2026 کے لیے داخلے کا اعلان کرتی ہے۔ خواہش مند طلبا و طالبات جنہوں نے میٹرک کم از کم سیکنڈ ڈویژن میں پاس کیا ہو۔ داخلہ فارم ہمراہ تعلیمی و دیگر کوائف کے ساتھ جمع کروائے جاسکتے ہیں۔ (1) 3 سالہ انجینئرنگ ڈپلومہ برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی (DAE- Information Technology) (2) 3 سالہ انجینئرنگ ڈپلومہ برائے الیکٹرونکس (DAE- Electronics) (3) 3 سالہ انجینئرنگ ڈپلومہ برائے الیکٹریکل (DAE- Electrical) (4) 3 سالہ انجینئرنگ ڈپلومہ برائے کمیونیکیشن (DAE- Telecommunications) (5) 3 سالہ انجینئرنگ ڈپلومہ برائے کمپیوٹر انجینئرنگ (DAE- Computer Engineering) (6) 2 سالہ آئی کام (I-Com) (7) 2 سالہ آفس مینجمنٹ (Office Management)

بلوچستان بورڈ برائے ثانوی تعلیم سے الحاق شدہ

آخری تاریخ 20 اگست 2025ء ہے۔

(1) اعلیٰ تعلیمی سہولیات (2) قابل اور محنتی اساتذہ کی نگرانی (3) جدید کمپیوٹر و الیکٹرونکس لیبارٹری (4) طلبا کے لیے ٹرانسپورٹ کی سہولت (5) ماہانہ فیس سے مستثنیٰ (6) طالبات کے لیے علیحدہ کلاسز کی سہولت (7) مزید معلومات کے لیے (8) پرنسپل فون نمبر

www.BIITMS.edu.pk 0333-7783975- 0824-400080

(بی آئی آئی ٹی ایم ایس) لورالائی نزد کمشنر (ژوب ڈویژن) آفس کوئٹہ روڈ لورالائی

PRQ No209/21-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت محمد شاہ کاظمی نائب تحصیلدار چھتر

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی سید شوکت حسین شاہ ولد سید الطاف حسین شاہ قوم سید بخاری ساکن شاہ پور نے ورثاء سرٹیفکیٹ وائس چیئرمین یونین کونسل شاہ پور سے تصدیق شدہ پیش کیا اور زبانی بتلایا کہ ان کا والد عرصہ دراز سے فوت ہو چکا ہے جائز ورثاء میں صفیہ بی بی بیوہ جمیلہ بی بی بیوہ فوت شدہ سید شوکت حسین شاہ سید شفقت حسین شاہ سید توقیر حسین شاہ سید محسن حسین شاہ پسران سید الطاف حسین شاہ رشیدہ بی بی صوفیہ بی بی ثمینہ بی بی فریدہ بی بی تہمینہ بی بی ارم بی بی دختران سید الطاف حسین شاہ قوم سید بخاری ہیں ان کے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں ہے سب تحصیل چھتر میں انتقال وراثت کرانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہے تو اندر سات یوم میں اپنے ثبوت پیش کریں ورنہ انتقال وراثت درج کیا جائے گا آج اشتہار مورخہ 21 جولائی 2025ء کو میرے دستخط و مہر سے جاری ہوا

MM نصیرآباد

بقیہ 1 کے پی سینیٹ انتخاب

نے دو ووٹ کاسٹ کیا۔ غیر حتمی و غیر سرکاری نتیجے کے مطابق 7 جنرل نشستوں میں سے 6 نشستوں پر پی ٹی آئی کے امیدوار کامیاب ... فیصل جاوید، مرزا آفریدی ... جنرل نشستوں ... [illegible]

بقیہ 2 وزیراعلیٰ بلوچستان

[illegible]

بقیہ 3 ایپیکس کمیٹی

[illegible]

بقیہ 4 وزیراعظم ہیلتھ

[illegible]

بقیہ 5 وفاقی حکومت

[illegible]

بقیہ 6 عمران خان

[illegible]

بقیہ 7 پوسٹ مارٹم رپورٹ

[illegible]

بقیہ 8 مشترکہ مفادات

[illegible]

بقیہ 9 آج شروع

[illegible]

بقیہ 10 وزیر قانون

[illegible]

بقیہ 11 بڑی تبدیلیاں

[illegible]

بقیہ 12 الرٹ جاری

[illegible]

بقیہ 13 ڈیجیٹل نظام

[illegible]

بقیہ 14 بلوچستان ہائیکورٹ

[illegible]

بقیہ 15 دو افراد جاں بحق

[illegible]

بقیہ 16 بڑی جماعت

[illegible]

بقیہ 17 سانحہ ڈیگاری

[illegible]

بقیہ 18 تحفظ صحافیان

[illegible]

بقیہ 19 مقدمہ سے بری

[illegible]

بقیہ 20 نشان امتیاز

[illegible]

بقیہ 21 ٹرانسپورٹ

[illegible]

بقیہ 22 خصوصی نشست

[illegible]

بقیہ 23 اسرائیلی فوج

[illegible]

بقیہ 24 حافظ نعیم الرحمن

[illegible]

بقیہ 25 امارات

[illegible]

بقیہ 26 امیدواروں کی جیت

[illegible]

بقیہ 27 پاکستان اور آسٹریلیا

[illegible]

بقیہ 28 دہشت گرد ہلاک

[illegible]

بقیہ 29 دہشت گرد ہلاک

[illegible]

بقیہ 30 اعداد و شمار جاری

[illegible]

بقیہ 31 اسمبلی کا اجلاس

[illegible]

بقیہ 32 خط لکھ دیا

[illegible]

بقیہ 33 محسن نقوی

[illegible]

بقیہ 34 اسحاق ڈار

[illegible]

بقیہ 35 شاہد خاقان

[illegible]

بقیہ 36 خرم چوہدری

[illegible]

بقیہ 37 مشتاق احمد

[illegible]

بقیہ 38 خرم دستگیر

[illegible]

بقیہ 39 سنیٹر خالد بھٹی

[illegible]

بقیہ 40 عمر کی حد

[illegible]

بقیہ 41 گورنر

[illegible]

بقیہ 42 یعقوب

[illegible]

بقیہ 43 جیل

[illegible]

بقیہ 44 ڈبل سواری

[illegible]

بقیہ 45 چیف سیکرٹری

[illegible]

بقیہ 46 پانی کی قلت

[illegible]

بقیہ 47 جمعیت علماء اسلام

[illegible]

بقیہ 48 سپورٹ

[illegible]

بقیہ 49 ارکین کی تنقید

[illegible]

بقیہ 50 مجرموں کو معافی

[illegible]

بقیہ 51 عاطف خان

[illegible]

بقیہ 52 صوبائی وزراء

[illegible]

بقیہ 53 میر سلیم کھوسہ

[illegible]

بقیہ 54 مصطفیٰ کمال

[illegible]

بقیہ 55 علی مدد جتک

[illegible]

بقیہ 56 شیر بازخان ستکزئی

[illegible]

بقیہ 57 اہم فیصلے

[illegible]

بقیہ 58 بنگلہ دیش ایئر فورس

[illegible]

بقیہ 59 حافظ حمد اللہ

[illegible]

بقیہ 60 عبدالمالک بلوچ

[illegible]

بقیہ 61 میر ظہور بلیدی

[illegible]

بقیہ 62 سارجنٹ گرفتار

[illegible]

بقیہ 63 زیر اعلیٰ سندھ

[illegible]

بقیہ 64 ملک نعیم خان بازئی

[illegible]

بقیہ 65 افراد جاں بحق

[illegible]

بقیہ 66 نفرتوں

[illegible]

بقیہ 67 مولانا محمد واسع

[illegible]

بقیہ 68 ایاز خان جوگیزئی

[illegible]

بقیہ 69 تاجر کمیٹی

[illegible]

بقیہ 70 کارروائیاں

[illegible]

بقیہ 71 مولانا عبدالرحمان

[illegible]

بقیہ 72 سیاہ کاری

[illegible]

بقیہ 73 اضافے

[illegible]

بقیہ 74 انجینئر ہادی سکر

[illegible]

بقیہ 75 مائنز اینڈ منرل

[illegible]

بقیہ 76 اے این پی

[illegible]

بقیہ 77 مولانا عبدالقادر لونی

[illegible]

بلوچستان میں جیلوں کی بہتری و تعمیر کیلئے حکومتی اقدامات کا آغاز

گدانی جیل کیلئے ایک ارب روپے، پشین جیل کی تعمیر کیلئے 25 کروڑ روپے، ہرنائی میں جیل کیلئے 19 کروڑ مختص

قیدیوں کو خوراک کی فراہمی کیلئے مختص رقم میں فیصد اضافہ، جدید حفاظتی آلات کیلئے دو کروڑ روپے رکھے گئے ہیں

فنڈز نہ ہونے سے گوادر میں نئی جیل کی تعمیر کا منصوبہ بھی جاری ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں جیلوں کی بہتری کیلئے حکومت کی جانب سے اقدامات کا آغاز ... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی نااہلی احتجاج کیس، فیصل جاوید کی بریت کی درخواست خارج

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی نااہلی کے خلاف فیض آباد کے مقام پر احتجاج کے کیس میں فیصل جاوید خان کی بریت کی درخواست خارج کردی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے بانی پی ٹی آئی کی نااہلی کے خلاف فیض آباد کے مقام پر احتجاج سے متعلق کیس کی سماعت کی، جس دوران پراسیکیوشن کی جانب سے دو گواہان عدالت میں پیش ہوئے۔ عامر محمود کیانی، راشد حفیظ، جمشید مغل اور دیگر ملزمان عدالت میں پیش ہوئے جبکہ علی امین گنڈا پور اور فیصل جاوید پیش نہ ہوئے۔ فیصل جاوید خان، حیدر بن مسعود اور راجہ ماجد کی جانب سے حاضری سے استثنیٰ کی درخواستیں دائر کی گئیں۔

ڈیرہ بگٹی کے مختلف علاقوں میں 1 ماہ کیلئے دفعہ 144 نافذ

اسلحہ کی نمائش اور استعمال، موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر مکمل پابندی عائد

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی کے مختلف علاقوں میں ایک ماہ کیلئے دفعہ 144 نافذ کردی گئی۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ داخلہ وقبائلی امور بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی کی تحصیل سوئی، تحصیل ڈیرہ بگٹی .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

پشتونخواہ میپ کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز جوگیزئی زیارت اولسی جرگے میں صدارتی خطاب کر رہے ہیں

ڈی سی کوئٹہ مہر اللہ بادینی پرائس کنٹرول تجاوزات اور بھکاریوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گڈ گورننس و سروس ڈیلیوری لازم و ملزوم ہیں، چیف سیکرٹری

ادارے اصولوں پر عمل کرتے تو عوام کو معیاری سہولیات دستیاب ہوتی ہیں، شکیل قادر خان

بلوچستان حکومت آنے والے دس سالوں کے دوران ترقی اور خوشحالی کے اہداف کا تعین کر رہی ہے، خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ گڈ گورننس اور سروس ڈیلیوری لازم و ملزوم ہیں، گڈ گورننس اور سروس ڈیلیوری معاشرے کی ترقی کیلئے ناگزیر ہیں، مربوط نظم و نسق کے بغیر خدمات کی فراہمی موثر نہیں ہو سکتی اور خدمات کی فراہمی میں بہتری اور ادارہ جاتی شفافیت اور عوامی اعتماد کو فروغ دیتی ہے، جب ادارے شفاف پالیسیوں، میرٹ، اور جوابدہی کے اصولوں پر عمل کرتے ہیں تو عوام کو معیاری سہولیات دستیاب ہوتی ہیں، جس سے ریاستی امور اور سماجی نظام میں بہتری آتی ہے صوبائی حکومت نے .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

چین کے میگا ڈیم کا سنگ بنیاد رکھنے پر بھارت میں کھلبلی مچ گئی، محمد عبدالقادر

بھارت کو خدشہ کہ چین تبت میں زیر تعمیر ڈیم کا پانی بطور ہتھیار استعمال کرے گا، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ تبت میں چین کے میگا ڈیم کا سنگ بنیاد رکھنے پر بھارت میں کھلبلی مچ گئی ہے بھارت کو خدشہ ہے کہ چین تبت میں زیر تعمیر ڈیم کا پانی بطور ہتھیار استعمال کرے گا تبت میں زیر تعمیر ڈیم پر 1 سو 67 ارب ڈالر لاگت آئے گی تبت میں زیر تعمیر ڈیم 3 سو ارب کلو واٹ .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت کی اصولی سیاست پر بالغ نظری کو تسلیم کیا جا رہا ہے، مولانا شرودی

جمعیت اس کامیابی پر نومنتخب سینیٹرز مولانا عطاء الحق درویش و دلاور خان کو مبارکباد پیش کرتی ہے، رہنما

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا حافظ حسین احمد شرودی، ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی، ناظم مالیات حاجی قاسم خان خلجی، معاون ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ، مولانا مفتی روزی خان بادیزئی، مولانا حاجی عبدالمالک بزنجو، اختر جان مری، مولانا مفتی رحمت اللہ، سالار مولانا علی جان، ڈپٹی سالار حافظ .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ترقی دشمن عناصر حکومت کے ساتھ بیٹھ کر مذاکرات کریں، بخت کاکڑ

ترقی مخالف عناصر اپنے ناپاک عزائم میں ناکام، کامیابی حکومت کی ہی ہوگی، صوبائی وزیر صحت

تمام سیاسی جماعتیں حکومت کا ساتھ دیکر سازشوں کو ناکام بنادیں، صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کو پرامن اور عوام کی سہولت کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں تمام تر اقدامات کر رہی ہے ترقی دشمن عناصر سے ہماری اپیل ہے کہ وہ معصوم لوگوں کو ٹارگٹ بنانے کی بجائے قانونی و آئینی طریقے سے آ کر حکومت کے ساتھ مذاکرات کریں حکومت دیگر لوگوں .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ جماعت ہے، علی مدد جتک

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے حلقہ انتخاب میں ترقی کا انقلاب برپا ہوگا، رکن اسمبلی

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، رکن صوبائی اسمبلی اور ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن حاجی علی مدد جتک سے ان کی رہائش گاہ جتک ہاؤس پر قبائلی عمائدین، حلقہ انتخاب کے عوام، سیاسی کارکنان اور معتبر شخصیات نے ملاقات کی ملاقات کا مقصد علاقے کو درپیش مسائل، ترقیاتی منصوبے اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر تبادلہ خیال تھا ملاقات میں .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

سردار شیر باز خان ساتکزئی کی گرفتاری بلاجواز ہے، نواب اسلم رئیسانی

سراوان کے سرداران واقعہ کی بلوچی رسم و رواج کے مطابق تحقیقات کر رہے ہیں، سردار کمال بنگلزئی سے ٹیلیفونک گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) چیف آف سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی سے سردار کمال خان بنگلزئی کا ٹیلیفونک رابطہ نواب اسلم خان رئیسانی کو ڈیگاری میں پیش آنے والے واقعہ کی تفصیلات، سردار شیر باز خان ساتکزئی کی گرفتاری اور انہیں سراوان کے دیگر سرداروں کے ساتھ ہونے والے رابطوں سے متعلق آگاہ کیا اس موقع پر نواب اسلم خان رئیسانی نے کہا کہ جہاں تک میری شنید میں آیا ہے کہ سردار شیر باز خان ساتکزئی کا اس سارے معاملے سے کوئی تعلق نہیں ہے ان کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ سراوان کے سرداران واقعہ کی بلوچی رسم و رواج ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

سینٹ اجلاس کے فیصلوں سے تعلیمی منظر نامے کو بہتر کر سکتے ہیں، گورنر

صوبے کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کی تاثیر اور شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے ایکسٹرنل آڈٹ کو لازمی قرار دے رہے ہیں، شیخ جعفر خان مندوخیل

کسی بھی یونیورسٹی کے قیام کا بنیادی مقصد جدید تحقیق، ریسرچ پیدا کرنا ہے، تحقیق کیلئے ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے

بائیو ایجوکیشن میں سرمایہ کاری یقینی ترقی، استحکام اور خوشحالی کیلئے سنگ بنیاد ہے، ایچ ای سی کے 5 ویں سینٹ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد، سنگین مقدمات میں مطلوب 2 ملزمان گرفتار

اوستہ محمد (پ ر) اوستہ محمد پولیس ... کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے سنگین وارداتوں میں پولیس کو مطلوب روپوش ملزم عمران ولد فیض محمد ساکن اوستہ محمد کو چھاپہ مار کر گرفتار کرلیا دوسری کارروائی میں چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم ریاض احمد عرف راجہ ولد اچھ کو گرفتار کر کے چوری شدہ سامان برآمد کرلیا گیا مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

کسی صورت پرامن صورتحال کو سبوتاژ نہیں ہونے دیں گے، سردار یعقوب ناصر

میجر انور کاکڑ کی شہادت پر گہرا صدمہ پہنچا، دلخراش واقعہ قابل مذمت ہے، رکن اسمبلی

لورالائی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

خاران، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی حلقے کے دورے کے موقع پر لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

حکومت اور شوگر مافیا مل کر عوام کا خون نچوڑ رہے ہیں، سینٹ اراکین کی شدید تنقید

چینی کی قیمت پر قابو پانے میں حکومت ناکام ہو چکی ہے، مسابقتی کمیشن بالکل ناکام ہو چکا ہے، سینیٹر محسن عزیز، علی ظفر، دنیش کمار

کوئٹہ کیلئے فلائٹ کا کرایہ ایک لاکھ روپے تک گیا، ایک طرف دہشتگرد دوسری طرف حکومت، کیا دہشتگرد اور حکومت ساتھ ملے ہیں، عبدالواسع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ اجلاس میں چینی کی قیمت کنٹرول نہ کر سکنے پر حکومت پر کڑی تنقید کرتے ہوئے اراکین نے کہا ہے کہ چینی کی قیمت پر قابو پانے میں حکومت ناکام ہو چکی ہے۔ پیر کو سینیٹ اجلاس چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی کے زیر صدارت ہوا اجلاس میں سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ مسابقتی کمیشن پاکستان کام کرنے سے قاصر ہے، یہ بالکل ناکام ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں سرمایہ کاری کی بات ہوتی ہے، صارفین کے حقوق کو تحفظ دینے پر کوئی بات نہیں کرتا، چینی کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے میں حکومت ناکام رہی ہے .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے کچھ حصوں میں جنگل کا راج ہے، ایوب ملک

غیرت کے نام پر جوڑے کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہیں ملوث عناصر کو گرفتار کیا جائے

پدرانہ نظام کے خاتمے اور رویوں سے نجات کے بغیر یہ مسئلہ حل نہیں ہو سکتا، صدر نیشنل پارٹی پنجاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیشنل پارٹی پنجاب کے صدر ایوب ملک نے بلوچستان میں غیرت کے نام پر جوڑے کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکومت سے ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے تحت اقدامات کا مطالبہ کیا ہے گزشتہ روز جاری ہونے والے .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ امیدواروں کی فہرست بانی پی ٹی آئی تک نہیں پہنچی، عاطف خان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عاطف خان خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں سینیٹ انتخابات کے امیدواروں کی فہرست بانی پی ٹی آئی تک کبھی پہنچ ہی نہیں سکی۔ اپنے بیان میں عاطف خان نے کہا کہ پی ٹی آئی کے پی نے .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

قلات سانحہ میں ملوث دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، صوبائی وزراء

وزراء اعلیٰ بلوچستان وسندھ کی ہدایات پر قلات سانحہ میں زخمی ہونے والوں کا بہتر علاج جاری ہے، علی حسن زہری، حاجی علی مدد جتک

بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر سندھ کے صوبائی وزیر سید ذوالفقار علی شاہ کا دورہ سی ایم ایچ، صابری قوال کے خاندان کے زخمی افراد کی عیادت کی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر صوبائی وزراء میر علی حسن زہری، حاجی علی مدد جتک، سید ذوالفقار علی شاہ نے وفد کے ہمراہ سی ایم ایچ ہسپتال کوئٹہ میں قلات بس فائرنگ واقعہ میں زخمی ہونے والے کراچی کے صابری قوال کے خاندان کے زخمی افراد کی عیادت کی وفد میں سندھ کے وزیر ثقافت و سیاحت سید ذوالفقار علی شاہ بلوچستان کے وزیر زراعت میر علی حسن زہری، رکن بلوچستان اسمبلی حاجی علی مدد جتک شامل تھے جبکہ اس موقع پر سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان مجیب الرحمان پانیزئی اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ اور دیگر .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردوں کو منطقی انجام تک پہنچا کر ہی دم لیں گے، میر سلیم کھوسہ

سیکیورٹی فورسز کا قلات میں دہشتگردوں کیخلاف کامیاب آپریشن لائق تحسین ہے

اپنی جانوں کے نذرانے دینے والے جوانوں کی پوری قوم مقروض ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ نے سیکیورٹی فورسز کی ضلع قلات میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

طبی آلات کی رجسٹریشن 120 دن میں مکمل ہوگی، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ میڈیکل آلات کی رجسٹریشن کا عمل تین سال میں ہوتا تھا، اب طبی آلات کی رجسٹریشن 120 دن میں مکمل ہوگی۔ طبی آلات کی لائسنسنگ اور رجسٹریشن کے ڈیجیٹل سسٹم کی افتتاحی تقریب اسلام آباد میں منعقد ہوئی، وزیراعظم محمد شہباز شریف بھی .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان انڈسٹریل اسٹیٹ اسپیشل اکنامک زونز کو سولر انرجی کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی کے ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و رکن صوبائی اسمبلی علی مدد جتک سے ان کی رہائشگاہ پر قبائلی عمائدین اور پارٹی کارکنان ملاقات کر رہے ہیں

قومی و طبقاتی استحصالی ڈھانچے نے قوموں کے تشخص کو مسخ کردیا، مالک بلوچ

پاکستان ایک کثیر القومی ریاست ہے ہر قوم اپنی زبان ثقافت سرزمین رکھتی ہے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

نیشنل پارٹی ملک کو فلاحی ریاست بنانے کی جدوجہد کر رہی ہے جہاں تمام بنیادی سہولیات حاصل ہو، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے سیاسی و تنظیمی ورکشاپ میں نیشنل پارٹی کے فلسفہ و مقاصد پر لیکچر دیتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی کے منشور پر موجود مقاصد نیشنل پارٹی کی فکری سیاست کی راہیں ہے۔ پاکستان ایک کثیر القومی ریاست ہے ہر قوم اپنی زبان ثقافت سرزمین رکھتی ہے قومی و طبقاتی استحصالی ڈھانچے نے قوموں کی تشخص کو مسخ کردی۔ نیشنل پارٹی قومی و طبقاتی جبر و استحصال کے خاتمے کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خارجہ پالیسی میں عوام و عوامی اداروں کی شرکت برائے نام ہے۔ اس .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت منفی ذہنیت کے حامل عناصر کی حوصلہ شکنی کرے گی، میر ظہور بلیدی

انسانی حقوق اور بالخصوص خواتین کے بنیادی حقوق کا تحفظ ہر صورت میں کیا جائے گا

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان انسانی حقوق و خواتین کی خواہشات کو نظر انداز کر کے وحشیانہ فیصلے کرنے والی فرسودہ و ظالمانہ نظام جیسے منفی ذہنیت کے حامل عناصر اور اس خطرناک سوچ کی ہر سطح پر حوصلہ شکنی کرے گی انسانی حقوق اور بالخصوص خواتین کے بنیادی حقوق کا تحفظ ہر صورت میں کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے بات چیت کرتے ہوئے .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات نے ٹیچنگ ہسپتال تربت کا دورہ کیا

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی نے پیر کے روز ٹیچنگ ہسپتال تربت کا اچانک دورہ کیا، جہاں 13 ڈاکٹرز ڈیوٹی سے غیر حاضر پائے گئے۔ غیر حاضر ڈاکٹروں کے نام معطلی کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور وزیر صحت کو بھیجے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیوٹی سے غیر حاضر عملے کے خلاف احتساب کو یقینی بنانے اور صحت کے شعبے میں خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے اس قسم کی تادیبی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

دوران ڈیوٹی دل کا دورہ پڑنے سے ٹریفک سارجنٹ انتقال کر گیا

جاوید علی کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکے

نماز جنازہ پولیس لائن کوئٹہ میں ادا، میت آبائی علاقے کشمیر روانہ کر دی گئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جناح روڈ پر دوران ڈیوٹی دل کا دورہ پڑنے سے ٹریفک سارجنٹ انتقال کر گیا پولیس لائن کوئٹہ میں نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد میت آبائی علاقے کشمیر روانہ کر دی گئی ترجمان کوئٹہ ٹریفک پولیس ڈی ایس پی سیف اللہ درانی کے مطابق سارجنٹ جاوید علی گزشتہ روز جناح روڈ پر ڈیوٹی انجام دے رہے تھے کہ اچانک دل کا دورہ پڑا۔ پولیس حکام کے مطابق انہیں فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکے۔ ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد میت پولیس لائن کوئٹہ لے جائی گئی جہاں نماز جنازہ ادا کی گئی نماز .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

WFP غذائیت پروگرام کو شفاف، منظم اور نتیجہ خیز بنانے کیلئے اہم فیصلے

اسکول کے بچوں کی بہتر نشوونما کیلئے متوازن خوراک کی فراہمی ناگزیر ہے، وزیر تعلیم

ضلعی سطح پر نگرانی کیلئے کمیٹیاں قائم کی جائیں گی جو مجموعی نظم و نسق کی جامع نگرانی کریں گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی کی زیر صدارت محکمہ تعلیم بلوچستان اور ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) کے مابین ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس کا مقصد اسکولوں میں طلباء و طالبات کے لیے جاری غذائیت پروگرام کو مزید موثر اور مربوط بنانا تھا۔ اجلاس میں سیکرٹری اسکول ایجوکیشن اسفند یار خان سمیت WFP کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران حکام کی جانب سے اس بات پر زور دیا گیا کہ اسکول کے بچوں کی جسمانی اور ذہنی نشوونما کے لیے متوازن اور غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی ناگزیر ہے۔ .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ سندھ سے سردار زادہ فیصل جمالی کی ملاقات

کیٹل شو میں سید مراد علی شاہ نے بذات خود شرکت کی یقین دہانی کرادی

اوستہ محمد (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے پیپلز پارٹی کے رہنما، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردار زادہ فیصل جمالی کی ملاقات ہوئی ملاقات میں جاری جمالی اقوام کے چیف سردار محمد ہارون خان جمالی صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سندھ محمد علی ملکانی بھی شریک تھے وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ کو سندھ اور بلوچستان میں لائیو اسٹاک کی افزائش کیلئے تعاون بڑھانے کی ہدایت دونوں صوبوں کا اپنے بہترین مویشیوں کی نسلوں کا تبادلہ کرنے پر اتفاق ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

بنگلہ دیش ایئر فورس کا تربیتی طیارہ کالج پر گر کر تباہ، 19 طلباء جاں بحق

لوگوں کی چیخ و پکار، بچے شدید خوف زدہ ہو گئے، شدید زخمی شہریوں اور طلباء کو ہسپتال منتقل کیا گیا

طیارے کے پرخچے لوہے کی گرلوں کو چیرتے ہوئے کالج کے اندر تک جا پہنچے، تحقیقات کا آغاز

ڈھاکا (م ڈ) بنگلہ دیش فضائیہ کا تربیتی لڑاکا طیارہ (BGI7-F) میل اسٹون اسکول اینڈ کالج کے کیمپس پر گر کر تباہ ہو گیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ اندوہناک حادثہ اس وقت پیش آیا جب طلبا اپنا امتحانی پرچہ دے رہے تھے۔ جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 19 اور زخمیوں کی تعداد 50 سے زائد ہو گئی جن میں اکثریت طلبا کی ہے۔ حادثے کے فوراً بعد فضا میں دھوئیں کے بادل چھا گئے۔ سوشل میڈیا پر گردش کرتی ویڈیوز میں دکھایا گیا کہ لوگ چیخ و پکار کر رہے تھے اور بچے خوف زدہ ہو کر ایک دوسرے سے لپٹے کھڑے تھے۔ کچھ والدین بے بسی .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

قلات، چشمہ بھٹ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، 2 افراد شدید زخمی

قلات (یو این اے) قلات کے علاقے چشمہ بھٹ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 افراد شدید زخمی ہو گئے پولیس ذرائع کے مطابق زخمیوں کی شناخت فیضان ولد عبدالعزیز اور حذیفہ ولد رئیس ظہور احمد کے نام سے ہوئی ہے واقعہ کے بعد دونوں زخمیوں کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، جس کے بعد ان کی حالت تشویشناک ہونے پر انہیں کوئٹہ ریفر کر دیا گیا پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تفتیش شروع کردی حملہ آوروں کی تلاش جاری ہے۔

غیرت کے نام پر قتل کا واقعہ قانون و انصاف کے اصولوں کے منافی ہے، حافظ حمد اللہ

وفاقی حکومت 27 ویں ترمیم پر نظر ثانی اور تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لے، رہنما جمعیت

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما، حافظ حمد اللہ نے بلوچستان میں پیش آنے والے افسوسناک قتل واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انسانیت سوز واقعہ قابل مذمت اور قانون و انصاف کے تمام اصولوں کے منافی ہے انہوں نے وفاقی حکومت کی جانب سے مجوزہ 27 ویں آئینی ترمیم پر گہرے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ اس ترمیم کے ذریعے وفاق قبائلی علاقوں کے وسائل خصوصاً منرلز اینڈ منرلز پر قبضہ کرنا چاہتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس ترمیم کا مقصد فاٹا کو دوبارہ وفاقی کنٹرول میں لانا اور انضمام کو عملی طور پر .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر، مسلح افراد جوڈیشل لاک اپ سے قیدیوں کو آزاد کرا کر فرار

اسٹاف کو یرغمال بنا کر منشیات کے کیس میں قید چار ملزمان کو ساتھ لے گئے

ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں سے دو لوڈیڈ میگزین بھی چھین کر لے گئے

گوادر (آن لائن) مسلح افراد جوڈیشل لاک اپ گوادر میں گھس گئے، اسلحہ کے زور پر منشیات کے مقدمے میں قید چار قیدیوں کو بھگا کر لے گئے، ڈیوٹی پر موجود پولیس اہلکاروں کے اسلحہ بھی چھین کر لے گئے تفصیلات کے مطابق نامعلوم مسلح افراد گوادر کے جوڈیشل لاک اپ میں گھس گئے اور اسٹاف کو یرغمال بنا کر وہاں قید چار ملزمان کو اپنے ساتھ لے گئے واقع پیر کی دوپہر کو پیش آیا پولیس کے مطابق گاڑی میں سوار مسلح افراد جوڈیشل لاک .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

بی این پی عوامی کے مرکزی رہنما ایم پی اے اسد بلوچ مرکزی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یہاں کے دعویدار بے بس ہیں، سی پیک میں بلوچستان کو نظر انداز کیا گیا، مولانا ہدایت الرحمٰن

ریکوڈک کے ثمرات اہل بلوچستان کو دیئے جائیں، صوبے میں عوامی ووٹوں سے منتخب نمائندوں کو خدمت کا موقع دیا جائے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ سے 25 جولائی کو لانگ مارچ کے قافلے کیساتھ بلوچستان کا مقدمہ لیکر اسلام آباد جائیں گے، بلوچستان یونیورسٹی کے سامنے پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان کی سربراہی روڈ یونیورسٹی کے سامنے لانگ مارچ کیمپ میں پریس کانفرنس امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ کوئٹہ سے 25 جولائی کو لانگ مارچ کے قافلے کیساتھ بلوچستان کا مقدمہ لیکر اسلام آباد جائیں گے بلوچستان میں کس کی کیا حیثیت ہے سب کو معلوم ہے یہاں کے دعویدار بے بس ہیں سی پیک اور ریکوڈک میں بلوچستان کو نظر انداز کیا گیا اسلام آباد سے بلوچستان کو ریموٹ کنٹرول کے ذریعے چلایا جا رہا .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

غیرت کے نام پر ماں کا گلہ دبا کر قتل کرنے والے سنگدل بیٹے گرفتار

منگولی پولیس نے مقدمہ درج اور مزید تفتیش شروع کردی ہے دیگر ملزمان کیلئے چھاپے جاری

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) پولیس تھانہ شہید نذیر احمد عمرانی منگولی کی اہم و کامیاب کارروائی والدہ کو غیرت کے نام پر ماں کا گلہ دبا کر قتل کرنے والے سنگ دل دو بیٹے گرفتار پولیس کے مطابق ڈی آئی جی نصیر آباد کیپٹن (ریٹائرڈ) عاصم خان اور ایس ایس پی نصیر آباد غلام سرور بھیو کی خصوصی ہدایات واحکامات کی روشنی میں ایس ڈی پی او سرکل سٹی محمد......... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

فی تولہ سونا 3 لاکھ 61 ہزار 200 روپے ہو گیا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت میں ہزاروں روپے کا اضافہ ہو گیا۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت 3600 روپے اضافے کے بعد 3 لاکھ 61 ہزار 200 روپے ہے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق 10 گرام سونے کی قیمت 3 ہزار بقیہ......... 73 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی بینک کی پاکستان میں توانائی کے شعبے سے متعلق رپورٹ جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی بینک نے پاکستان میں توانائی کے شعبے سے متعلق رپورٹ جاری کرتے ہوئے توانائی کی بچت اور کاربن کے اخراج میں کمی سے متعلق اقدامات تجویز کی ہے۔ عالمی بینک کی رپورٹ میں سیمنٹ، اسٹیل، کھاد، ٹیکسٹائل اور پیپر کے شعبے پر فوکس کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق معلومات، پالیسی اور مالی وسائل کا فقدان اصلاحات کی راہ میں رکاوٹ ہے۔

اسلام آباد، سیلابی ریلے میں بہہ جانے والی گاڑی کو ریسکیو اہلکار باہر نکال رہے ہیں

میجر انور کاکڑ کی قربانی کو فراموش نہیں کیا جائے گا، ملک نعیم خان بازئی

مادر وطن کی سلامتی کی خاطر جان قربان کرنے والے قوم کے اصل ہیرو ہیں

کوئٹہ (اے پی پی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی نے جبل نور دھماکے میں شہید ہونے والے میجر انور کاکڑ کی .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام کے درمیان نفرتوں کے خاتمے میں کردار ادا کیا جائے، قاری مہر اللہ

امن، اتحاد بھائی چارے کی فضاء قائم رکھنے کیلئے علماء اور قومی مشران میدان میں نکلیں، رہنما جمعیت (ن)

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنوینئر مولانا قاری مہر اللہ نے کہا کہ علماء کرام اور قبائلی مشران اقوام کے درمیان عداوت و دشمنی اور .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی کے نومنتخب سینیٹرز ایوان بالا میں دین کی ترجمانی کریں گے، مولانا عبدالواسع

مولانا عطاء الحق درویش اور دلاور خان کی کامیابی دینی جدوجہد اور نظریاتی استقامت کا ثمر ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جے یو آئی بلوچستان مولانا عبدالواسع جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ کا جے یو آئی کے نومنتخب سینیٹرز کو مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار مولانا .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بھر میں تابوت امام سجاد و علم غازی عباس علمدار کے ماتمی جلوس برآمد

حسینیت تا ابد مظلومین کی پناہ گاہ اور منبع حریت ہے، کوئٹہ کے جلوس سے مقررین کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) حضرت امام زین العابدین کا یوم شہادت پیر کو پاکستان بھر کی طرح بلوچستان میں بھی مذہبی جذبے اور عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا اس .... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کیخلاف دائر آئینی درخواستوں کی سماعت نہ ہوسکی

سماعت چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ کی عدم موجودگی کے باعث نہ ہو پائی

کوئٹہ (آن لائن) مائنز اینڈ منرلز ایکٹ 2025 کے خلاف بلوچستان ہائیکورٹ میں دائر آئینی درخواستوں کی سماعت نہ ہو سکی۔ سینئر قانون دان سید نذیر آغا ایڈووکیٹ نے پیر کو بلوچستان ہائی کورٹ میں درخواست گزار نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی، سینئر قانون دان محمد ریاض احمد ایڈووکیٹ، بیرسٹر اقبال کاکڑ ایڈووکیٹ، میاں بدر منیر ایڈووکیٹ، سردار طاہر حسین حیدری ایڈووکیٹ، سابق وفاقی وزیر میر ہمایوں عزیز کرد اور نیشنل ڈیمو......... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ نواں کلی میں عطائی ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کلینک سیل کیے جا رہے ہیں

بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کی عطائیوں کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کی عطائیت کے خلاف کارروائی میں تیزی گزشتہ روز نواں کلی میں 2 کلینکس کو سیل کر دیا گیا جبکہ 7 سے زائد کلینکس کو نوٹس جاری کیے گئے کہ وہ بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کے ساتھ اپنی رجسٹریشن کو عمل میں لے کر آئیں بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن صوبے بھر میں عطائیت کے خلاف مزید موثر طریقے سے کارروائیاں کرے گا۔ تاکہ جعل سازی کے اس عمل کو روکا جا سکے۔

وطن کے حالات انتہائی گھمبیر، پشتونوں کو جینے بھی نہیں دیا جا رہا ہے، نواب ایاز جوگیزئی

اولسی جرگوں کا مقصد پشتونوں کے درمیان موجود تجربے، مزئی و خیلی اور مختلف سیاسی پارٹیوں میں دوری کا خاتمہ ہے، رہنما پشتونخواہ میپ

باہمی اتحاد، اتفاق، بھائی چارے اور مل بیٹھ کر متفقہ فیصلوں کے ذریعے ہی دشمن کے خطرناک ارادوں کو ناکام بنا سکتے ہیں، پشتونخواہ میپ، جمعیت

تمام قیمتی معدنیات کا مرکز ہمارا وطن اس لئے ہمیں تہہ و تیغ کیا جا رہا ہے، پی ٹی آئی، جمعیت نظریاتی، بی اے پی، پی ٹی ایم

زیارت (پ ر) پشتونخواہ عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی زیر صدارت ضلع زیارت کا اولسی جرگہ منعقد ہوا۔ نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتون قوم اس وقت تقسیم کے خطرناک مرحلے سے دوچار ہے، اولسی جرگوں کا مقصد پشتونوں کے درمیان موجود تجربے، جماعت، مزئی و خیلی اور مختلف سیاسی پارٹیوں میں ہونے کی وجہ سے دوری کا خاتمہ اور انہیں ایک .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کی کارروائیاں جاری، 153 دکانداران گرفتار

جاری آپریشن میں 1 شادی ہال سیل اور 11 بھکاری گرفتار جنہیں جیل منتقل کر دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کے تحت کارروائیاں جاری اس سلسلے میں گزشتہ روز 125 دکانوں کا معائنہ، 153 دکانداران گرفتار، 12 دکانیں سیل اور 61 افراد جیل منتقل جبکہ 25 دکانداروں کو جرمانہ کیا گیا اس کے علاوہ 1 شادی ہال سیل اور 11 بھکاری گرفتار اور جیل منتقل کر دیا گیا ہے ضلعی انتظامیہ کی ٹیموں نے سب ڈویژن (سریاب) سب ڈویژن (سٹی) سب ڈویژن (صدر) میں تندوروں، قصابوں، جنرل اسٹوروں اور پیشہ آور .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

پی آر اے پاکستان کے مطالبات سینٹ کی انفارمیشن کمیٹی کو بھجوا دیئے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی آر اے پاکستان کے مطالبات سینٹ کی انفارمیشن کمیٹی کو بھجوا دیئے گئے، سینٹ سیکرٹریٹ کی طرف سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیئے گئے، چیئرمین سینٹ کی رولنگ کے مطابق واک آؤٹ کے دوران مطالبات کا معاملہ کمیٹی کے حوالہ کیا گیا، پی آر اے پاکستان نے .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کا جوہری مذاکرات دوبارہ شروع کرنے کا اعلان

تہران (م ڈ) ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان نے اعلان کیا ہے کہ ایران، یورپی ممالک کے ساتھ جوہری مذاکرات جمعے کو استنبول میں ہوں گے۔ ترجمان کے مطابق یورپی ممالک سے مذاکرات کی میزبانی ترکیہ کرے گا، برطانیہ، فرانس، جرمنی سے مذاکرات جمعے کو استنبول میں ہوں گے۔

امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان سریاب روڈ کے ذمہ داران کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

صوبوں کے وسائل لوٹنے کیلئے 27 ویں ترمیم لائی جا رہی ہے، اے این پی

ریاست جان بوجھ کر بلوچ پشتون علاقوں کو آگ میں جھونک رہی ہے جس کی وجہ سے حالات بہتر نہیں ہو رہے، اصغر خان اچکزئی

حکومت اور فارم 47 کے حکمران بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے قدرتی وسائل لوٹنے کیلئے قوانین پاس کر رہے ہیں

فارم 47 کے حکمران وطن دشمن پالیسی پر عمل پیرا، پارلیمانی سیاست کرنے والوں کو جان بوجھ کر مزاحمت کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی بلوچستان کے صدر اصغر خان اچکزئی نے بلوچستان میں بڑھتی بدامنی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حالات کی بہتری اور مسائل کے حل اور صوبے کے وسائل پر دسترس کو یقینی بنانے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ مل کر 8 اگست کو مسلم باغ میں جلسہ منعقد کر رہے ہیں اور اس کے بعد آل پارٹیز کانفرنس میں آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے انہوں نے کہا کہ .... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام کے عادلانہ نظام کے نفاذ میں ملک کی تعمیر و ترقی کا راز مضمر ہے، جمعیت نظریاتی

تمام مسلمان فارم پر کر کے جمعیت نظریاتی کے رکن کی حیثیت سے ہماری اس جدوجہد میں شریک ہو جائیں، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

حکمرانوں نے ملک کی خود مختاری اور سلامتی کو داؤ پر لگا دیا، نئی کنوننگ باڈی کے اعلان کے موقع پر خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی کنوینئر مفتی شفیع الدین نے نئی کنوننگ باڈی کا اعلان کر دیا جس میں مرکزی کنوینئر مفتی شفیع الدین ڈپٹی کنوینئر مولانا محمد طاہر ہوتی، ڈپٹی ناظم دوئم مولانا ثناء اللہ فاروقی ڈپٹی ناظم سوئم مفتی عبدالناصر ناظم چہارم مولانا عبدالوہاب ڈھیر اور کنوننگ باڈی کے اراکین پیر طریقت مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی، انجم خان ایڈووکیٹ، مولانا حکیم اللہ وسایا، مولانا حافظ خیر محمد، مولانا قاضی گل الرحمان نکیال، ڈاکٹر سید امداد اللہ علوی، مولانا عبدالستار مدنی، مولانا قاری سلیم، قاری محمد طلحہ فاروقی، شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد، مولانا پیر وحید اللہ بانچوی، مولانا عبدالحنان ژوب، مولانا امان اللہ ہوں گے جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائم مقام .... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر